Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 منگل، 16 مئی، 2023ء، 25 شوال المکرم 1444ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 32

خط کے متن میں کہا گیا ہے کہ پنجاب میں شرپسند عناصر کیجانب سے خون خرابہ کی کارروائیوں کا سامنا کرنا پڑا

پنجاب میں پرتشدد کارروائیاں، نگران وزیراعلیٰ کا چیف الیکشن کمیشن کو خط

نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی کی جانب سے خط میں مزید کہا گیا ہے کہ پنجاب حکومت ایسی تمام کارروائیوں کو روکنے کیلئے متحد ہے

پسند عناصر کی جانب سے انتہائی اہم سرکاری ونجی املاک پر حملے کر کے آگ لگائی گئی، شرپسند عناصر کے ان اقدامات سے املاک کو نقصان پہنچا

لاہور (خصوصی رپورٹر) پنجاب میں شرپسند عناصر کی جانب سے املاک وتنصیبات پر حملوں کے معاملے پر نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی نے چیف الیکشن کمشنر کو خط لکھ دیا۔ نگران وزیراعلیٰ کی جانب سے لکھے گئے خط کے متن میں کہا گیا ہے کہ پنجاب میں شرپسند عناصر کیجانب سے خون خرابہ کی کارروائیوں کا سامنا کرنا پڑا، شرپسند عناصر کی جانب سے انتہائی اہم سرکاری ونجی املاک پر حملے کر کے آگ لگائی گئی، شرپسند عناصر کے ان اقدامات سے املاک کو نقصان پہنچا، قانون نافذ کرنے والے افسران وجوان زخمی ہوئے۔ نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی کی جانب سے خط میں مزید کہا گیا ہے کہ پنجاب حکومت ایسی تمام کارروائیوں کو روکنے کیلئے متحد ہے اور وہ اپنی ٹیم کے ہمراہ الیکشن کمیشن کے ممبران کو بریفنگ کیلئے تیار ہیں۔ پنجاب میں شرپسند عناصر کی جانب سے املاک وتنصیبات پر حملوں کے معاملے پر نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی نے چیف الیکشن کمشنر کو خط لکھ دیا۔ نگران وزیراعلیٰ کی جانب سے لکھے گئے خط کے متن میں کہا گیا ہے کہ پنجاب میں شرپسند عناصر کیجانب سے خون خرابہ کی کارروائیوں کا سامنا کرنا پڑا، شرپسند عناصر کی جانب سے انتہائی اہم سرکاری ونجی املاک پر حملے کر کے آگ لگائی گئی، شرپسند عناصر کے ان اقدامات سے املاک کو نقصان پہنچا، قانون نافذ کرنے والے افسران و جوان زخمی ہوئے۔ نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی کی جانب سے خط میں مزید کہا گیا ہے کہ پنجاب حکومت ایسی تمام کارروائیوں کو روکنے کیلئے (بقیہ نمبر 1)

عدلیہ میں ایک گروہ فیصلے نہیں سیاست کر رہا ہے، خواجہ آصف

اب وقت آ گیا ہے اپنے آئینی اختیارات کا استعمال کریں، مخصوص ججوں کے خلاف ریفرنس دائر کیا جائے

اسلام آباد (اعجاز علی ساغر سے) وزیردفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ عمران خان کو ریلیف دے کر ملک میں فتنے کو ہوا دی جارہی ہے، ایک شخص کو فائدہ پہنچایا جارہا ہے، ضرورت ہے کہ آج ہم اپنی طاقت کا مظاہرہ کریں۔ قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 4)

نیب کو ختم کرنے میں ہی ملک کی بھلائی ہے، شاہد خاقان عباسی

سپریم کورٹ کی نگرانی میں نواز شریف کا کیس چلایا گیا تھا، ایک سینئر سیاست دان کو عمر بھر کے لیے نااہل کیا گیا

کراچی (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ ن کے رہنما وسابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ ملک کا بھلا اسی میں ہے کہ نیب کو ختم کردیا جائے۔ شاہد خاقان عباسی نے احتساب عدالت میں پیشی کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کے دوران کہا ہے کہ سپریم کورٹ (بقیہ نمبر 3)

عمران خان تم گھر بیٹھو، عوام ملک دشمنی کا حصہ بننے کو تیار نہیں ہیں، مریم اورنگزیب

دہشتگرد، مسلح جتھے اور غنڈے تو قانون کے مطابق گرفتار ہیں، عمران خان کسے آواز دے رہے ہو؟

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم سے) وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ عمران خان آرام سے زمان پارک میں بیٹھو، جو آگ لگانی تھی وہ لگالی، دوبارہ آگ نہیں لگانے دیں گے، عوام ملک دشمنوں، دہشت گردوں کے ماسٹر مائنڈ کو مسترد کر (بقیہ نمبر 2)

چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ درخواست قابل سماعت ہونے پر الیکشن کمیشن کا مؤقف سننا چاہتے ہیں، صوبائی حکومتوں کو بھی نوٹس جاری کر کے سنیں گے

امید کرتے ہیں مذاکرات دوبارہ شروع ہونگے اور کوئی حل نکل آئے گا، چیف جسٹس

انہوں نے مزید کہا کہ عدالتی دائرہ اختیار کا نکتہ بھی الیکشن کمیشن نے نہیں اٹھایا تھا، وفاقی حکومت یہ نکتہ اٹھا سکتی تھی لیکن انہوں نے نظرثانی درخواست دائر ہی نہیں کی

فنڈز اور سکیورٹی کا مسئلہ پہلے الیکشن کمیشن نے بتایا تھا، آج تو الیکشن کمیشن نے سپریم کورٹ کے دائرہ اختیار پر سوال اٹھا دیا ہے، نظر ثانی درخواست پر نوٹس جاری کر دیتے ہیں

چیف جسٹس نے الیکشن کمیشن کے وکیل سے استفسار کیا کہ آپ کو دلائل کیلئے کتنا وقت چاہیے، جس پر الیکشن کمیشن کے وکیل نے جواب دیا کہ مجھے دلائل کیلئے 3 سے 4 گھنٹے چاہئیں

اسلام آباد (خصوصی خبر نگار) پنجاب میں 14 مئی کو انتخابات کے فیصلے کے خلاف الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے دائر نظرثانی اپیل پر سپریم کورٹ میں سماعت کے دوران چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ امید کرتے ہیں مذاکرات دوبارہ شروع ہوں گے اور کوئی حل نکل آئے گا۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں جسٹس اعجاز الاحسن اور جسٹس منیب اختر پر مشتمل 3 رکنی بنچ نے کیس کی سماعت کی۔ سماعت کے آغاز پر چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ فنڈز اور سکیورٹی کا مسئلہ (بقیہ نمبر 5)



اسلام آباد: جس انداز میں سیاسی قوتیں کام کر رہی ہیں یہ درست نہیں، دونوں اطراف سے پرتشدد کارروائیاں ہو رہی ہیں، چیف جسٹس

جناح ہاؤس میں توڑ پھوڑ اور کور کمانڈر کی وردی لیجانیوالے ملزم سمیت 340 افراد گرفتار

لاہور (خصوصی رپورٹر) پی ٹی آئی چیئرمین عمران خان کی گرفتاری کے بعد جناح (بقیہ نمبر 7)

بین الاقوامی طاقتیں اور اقوام متحدہ دوہرا معیار چھوڑ دیں، سید ندیم عباس بخاری

مسلمانوں کی نااتفاقی نے کافروں کو شیر بنادیا ہے، امت مسلمہ کا اتحاد وقت کی اہم ضرورت ہے

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق مسلم لیگ یوتھ ونگ ن راولپنڈی ڈویژن کے سابق صدر سید ندیم عباس بخاری مرکز انجمن آڑھتیاں گوجرخان کے صدر راجہ سجاد سلیم حیدر المعروف کالا مرکزی انجمن تاجراں گوجرخان کے سینئر نائب صدر حاجی عبدالغفار قریشی انجمن شہریاں گوجرخان کے (بقیہ نمبر 8)

دہشتگرد تنظیموں کی طرح افواج پاکستان کی املاک کو نقصان پہنچایا گیا، چوہدری سرور

چودھری سرور نے کہا کہ جس طرح افواج پاکستان کی املاک کو نقصان پہنچایا گیا اس طرح تو صرف دہشتگرد تنظیمیں کرتی رہی ہیں

شرپسند عناصر کی جانب سے جناح ہاؤس، جی ایچ کیو اور پبلک پرائیویٹ املاک کو نقصان پہنچانا کسی صورت قبول نہیں، چودھری محمد سرور

لاہور (خصوصی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ کے چیف آرگنائزر چودھری محمد سرور اور چودھری شافع حسین سے مختلف شہروں کے پارٹی وفود نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران مسلم لیگ (ق) کی جانب سے افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کیلئے ریلی نکالنے سے متعلق انتظامات پر تبادلہ خیال کیا (بقیہ نمبر6)

راولپنڈی: سپیشل کورکمانڈرز کانفرنس: 9 مئی کے واقعات پر آرمی ایکٹ کے تحت کارروائی کا فیصلہ

سپیشل کور کمانڈرز کانفرنس، 9 مئی کے واقعات پر آرمی ایکٹ کے تحت کارروائی کا فیصلہ

شہدا کی یادگاروں کی بے حرمتی، تاریخی عمارتوں کو نذر آتش کرنے اور فوجی تنصیبات کی توڑ پھوڑ پر ایک منصوبے کے تحت عمل کرایا گیا

9 مئی کو شرپسندوں کی جانب سے جلاؤ گھیراؤ اور فوجی تنصیبات پر حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی، جی ایچ کیو میں ہونے والی سپیشل کور کمانڈرز کانفرنس

راولپنڈی (خبر نگار) پاک فوج کے سربراہ جنرل سید عاصم منیر کی زیرصدارت میں خصوصی کور کمانڈرز کانفرنس ہوئی جس میں 9 مئی کے واقعات پر آرمی ایکٹ اور آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت کارروائی کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ جی ایچ کیو میں ہونے والی سپیشل کور کمانڈرز کانفرنس میں (بقیہ نمبر 9)

ٹریفک کے المناک حادثہ میں نوجوان جاں بحق 2-افراد زخمی ہوگئے

عارف والا (نیوز رپورٹر) ٹریفک کے المناک حادثہ میں نوجوان جاں بحق 2 -افراد زخمی ہوگئے تفصیلات کے مطابق پاکپتن روڑ کے نزدیک تیز رفتار ٹرک نے اوورٹیک کرتے ہوئے کار کو ٹکر ماردی جس کے نتیجہ میں کار سوار چوہدری محمد ندیم موقع پر جاں بحق ہوگیا جبکہ مقبول ڈوگر اور عامر شدید زخمی ہوگئے ریسکیو اہلکاروں نے زخمیوں اور ڈیڈ باڈی کو تحویل میں لے کر ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا نامعلوم ٹرک ڈرائیور جائے وقوع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا پولیس مصروف تفتیش ہے۔

پی ڈی ایم کا اسلام آباد میں احتجاج، کارکن سرینا چوک گیٹ پھلانگ کر ریڈ زون میں داخل

اسلام آباد (خبر نگار) پی ڈی ایم کا اسلام آباد میں احتجاج، کارکن سرینا چوک پر لگا گیٹ کھول کر ریڈ زون میں داخل ہوگئے، پی ڈی ایم کے کارکنوں کو ریڈ زون میں داخل ہونے سے روکنے کوشش ناکام ہوگئی، انصار الاسلام کے رضا کار اور پی ڈی ایم کارکن ریڈ زون میں داخل ہو گئے ہیں، انصار الاسلام کے رضا کار گیٹ پھلانگ کر ریڈ زون میں داخل ہوئے۔ مظاہرین نے سرینا چوک سے سپریم کورٹ کی (بقیہ نمبر 12)

اینٹی کرپشن پنجاب نے عثمان بزدار کو پھر طلب کرلیا

وزیراعلیٰ بننے کے بعد عثمان بزدار نے دو کنال سرکاری اراضی کو ذاتی گھر کا حصہ بنایا

لاہور (سپیشل رپورٹر) اینٹی کرپشن پنجاب نے سابق وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار کو 19 مئی کو طلب کر لیا۔ ترجمان کے مطابق الیکشن 2018 کے کاغذات نامزدگی میں سردار عثمان (بقیہ نمبر 10)

پشاور، پی ٹی آئی رہنما کو گرفتاری سے بچانے پر ایس ایچ او گرفتار

ایس ایچ او گلبرگ فواد علی تحریک انصاف کے سابق ایم پی اے ملک واجد کے ساتھ رابطے میں ملوث پائے گئے

پشاور (جنرل رپورٹر) خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی رہنما کو گرفتاری سے بچانے پر ایس ایچ او کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا۔ مقدمے کے متن کے مطابق ایس ایچ او گلبرگ فواد علی تحریک انصاف کے سابق ایم پی اے ملک واجد کے ساتھ رابطے میں ملوث پائے گئے۔ ملک واجد کا کارکنان کو لوٹ (بقیہ نمبر11)

کسی سیاسی پارٹی نہیں بلکہ مسلح جتھوں کیخلاف کارروائی ہو رہی ہے، IG پنجاب

9 مئی کا دن ملکی تاریخ کا سیاہ باب ہے، پرتشدد واقعات میں ملوث افراد سے قانون کے مطابق نمٹا جائے گا

خیبر پختونخوا پولیس نے بھی پرتشدد واقعات پر گرفتاریاں کی ہیں، پنجاب میں حالات کو دیکھتے ہوئے ایکشن لیا گیا

لاہور (خبر نگار) انسپکٹر جنرل پنجاب پولیس ڈاکٹر عثمان انور نے کہا ہے کہ 9 مئی کا دن ملکی تاریخ کا سیاہ باب ہے، پرتشدد واقعات میں ملوث افراد سے قانون کے مطابق نمٹا جائے گا، یہ کسی سیاسی پارٹی کیخلاف نہیں مسلح جتھوں کیخلاف کارروائی ہورہی ہے۔ اپنے ایک بیان میں آئی جی عثمان انور کا (بقیہ نمبر 22)

دنیائے اسلام کی پہلی ایٹمی طاقت بننے کی 25 برس مکمل ہونے پر ''یوم تکبیر'' 28 مئی کو منایا جائیگا

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) پاکستان کو دنیائے اسلام کی پہلی ایٹمی طاقت بننے کی 25 برس مکمل ہونے پر ''یوم تکبیر'' 28 مئی کو جوش وخروش اور ملی جذبہ کے ساتھ منایا جائے گا، مسلم لیگ ن کی جانب سے ملک بھر میں تیاریوں کا آغاز کر دیا گیا، اس روز ملک بھر میں مسلم لیگ ن کے زیر اہتمام خصوصی تقاریب، سیمینارز اور کانفرنسز کا اہتمام کیا جائے گا جس سے خطاب کے دوران مقررین ایٹمی دھماکوں کے تناظر میں محسن ملک وقوم ڈاکٹر عبدالقدیر خان، ذوالفقار علی بھٹو اور سابق وزیراعظم میاں نواز شریف کے کردار پر تفصیل سے روشنی ڈالیں گے ملک بھر کے تمام شہروں میں مسلم لیگی کارکن ایٹمی قوت بننے کے حوالے سے سالگرہ کے کیک کاٹیں گے اور ریلیاں بھی نکالی جائیں گی جبکہ پاکستان کی سلامتی اور خوشحالی کیلئے خصوصی دعائیں مانگی جائیں گی۔

لاہور: دہشتگرد تنظیموں کی طرح افواج پاکستان کی املاک کو نقصان پہنچایا گیا: چودھری سرور

سیکرٹری ورکس اینڈ سروسز سندھ عمران عطا سومرو انتقال کر گئے

کراچی (سٹی رپورٹر) سیکرٹری ورکس اینڈ سروسز عمران عطا سومرو دل میں تکلیف ہونے کے باعث انتقال کر گئے۔ مرحوم عمران عطا سومرو سندھ کی بیورو کریسی میں فرض شناس افسر کے طور پر جانے جاتے تھے۔ عمران عطا سومرو سندھ کے محکمہ اطلاعات بلدیات سروسز سمیت دیگر اہم محکموں میں (بقیہ نمبر 23)

کراچی: سرجانی لیاری سیکٹر 36 میں ندی میں ڈوب کر 3 بچے جاں بحق

کراچی (نیوز رپورٹر) کراچی سرجانی لیاری سیکٹر 36 میں ندی میں ڈوب کر تین بچے جاں بحق ہوگئے ہیں۔ ڈوبنے والے تینوں بچوں کی عمریں 10 سال سے کم ہیں۔ لواحقین کا کہنا ہے کہ تینوں بچے گھرام گوٹھ میں واقعہ ندی میں ڈوب (بقیہ نمبر 24)

15 دن کی توسیع ہو یا 50 دن کی، کراچی کی آبادی کو پورا گنا جائے، حافظ نعیم

کراچی (نیوز رپورٹر) امیر جماعت اسلامی کراچی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ مردم شماری کے لیے 15 دن کی توسیع ہو یا 50 دن کی، کراچی کی آبادی کو ہرصورت پورا گنا جائے۔ بلدیاتی انتخابات کے نتائج کی صورت حال اور ادھوری ومتنازع مردم شماری کے حوالے سے ادارہ نورحق میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ ہم نے اسلام آباد کے اجلاس میں بھی یہی بات کی تھی کہ ہمیں 15 دن کی توسیع کی خیرات نہیں چاہیے، ہمارا مطالبہ ہے کہ ہمیں پورا گنا جائے۔ گزشتہ 15 دنوں میں صرف 10 لاکھ لوگوں کو شمار کیا گیا ہے۔ 16 ہزار کے عملے نے ایک لاکھ گھروں کی خانہ شماری کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 34 ارب روپے کے بجٹ سے مردم شماری کا کام کیا جارہا ہے اور 16 ہزار کا عملہ 16 ہزار بلاکس کوڈز کی خانہ شماری بھی نہ کرسکا۔

چیئرمین نادرا سے کینیا کے وفد کی ملاقات، ہیڈکوارٹرز کا دورہ

چیئرمین نادرا نے وفد کو ای گورنمنٹ اور ڈیجیٹل شناخت کی سہولیات کے بارے میں آگاہ کیا

اسلام آباد (روبینہ فیصل سے) چیئرمین نادرا طارق ملک سے کینیا کے اعلیٰ سطح کے وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات کے بعد نادرا ہیڈکوارٹرز کا دورہ بھی کیا۔ چیئرمین نادرا نے وفد کو ای (بقیہ نمبر 25)

بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال برقرار رکھنے کیلئے فوج تعینات کرنے کی منظوری

بلوچستان حکومت نے فوج کی تعیناتی کیلئے ریکوزیشن بھجوائی تھی، پاک فوج سول انتظامیہ کی مدد کیلئے تعینات ہوگی

وفاقی کابینہ نے سرکولیشن کے ذریعے سمری منظور کرلی، فوج کی تعیناتی کا باضابطہ نوٹیفکیشن وزارت داخلہ جلد ہی جاری کر دے گی

کوئٹہ: بلوچستان میں امن وامان برقرار رکھنے کیلئے فوج تعینات کرنے کی منظوری

کوئٹہ (اسپیشل رپورٹر) بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال کے پیش نظر فوج تعینات کرنے کی منظوری دے دی گئی۔ وفاقی کابینہ نے آرٹیکل 245 کے تحت فوج تعینات کرنے کی منظوری دی، بلوچستان حکومت نے فوج کی تعیناتی کیلئے ریکوزیشن بھجوائی تھی، پاک فوج سول انتظامیہ کی مدد کیلئے تعینات ہوگی۔ ذرائع کے مطابق وفاقی کابینہ نے سرکولیشن کے ذریعے سمری منظور کرلی، فوج کی تعیناتی کا باضابطہ نوٹیفکیشن وزارت داخلہ جلد ہی جاری کر دے گی۔ بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال کے پیش نظر فوج تعینات کرنے کی منظوری دے دی گئی۔ وفاقی کابینہ نے آرٹیکل 245 کے تحت فوج تعینات کرنے کی (بقیہ نمبر 26)

9 مئی کی تخریب کاری میں جلائی گئی عمارات عوام کے لیے کھول دی گئیں

اسلا آباد (جنرل رپورٹر) 9 مئی کی تخریب کاری میں جلائی گئی عمارات عوام کے لیے کھول دی گئیں۔ جناح ہاؤس اور ملٹری انجینئرنگ سروسز کے دفاتر عوام کے لیے کھول دیئے گئے۔ عوام کے پرزور اصرار پر افواج سے اظہار یکجہتی کے لیے دونوں مقامات کو کھول دیا گیا۔ ریڈیو پاکستان پشاور کی جلی (بقیہ نمبر16)

حکومت پنجاب

سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، حکومت پنجاب

نادرا کوائف کی بروقت درستگی
صحت کارڈ سے علاج میں آسانی!

قومی صحت کارڈ
صحت سب کیلئے

آپ کا قومی شناختی کارڈ ہی
آپ کا صحت کارڈ ہے

صحت کارڈ سے مستفید ہونے کیلئے NADRA ریکارڈ میں درست کوائف کا اندراج ضروری ہے

قومی شناختی کارڈ یا ''ب فارم'' بنوائیں

NADRA ڈیٹا بیس میں اپنے خاندان کے کوائف کا درست اندراج یقینی بنائیں

کوائف میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کی صورت میں اپنا ریکارڈ فوری اپ ڈیٹ کروائیں

شادی شدہ افراد اپنی ازدواجی حیثیت کا درست ریکارڈ کے ساتھ اندراج کروائیں

SPL-626

اپنی اہلیت جاننے کے لئے اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر 8500 پر SMS کریں

مزید معلومات کے لیے ان نمبرز پر رابطہ کریں
24 HOURS ٹول فری نمبر 0800-09009
042 99205765, 99203694
پیر تا جمعہ (صبح 9 سے شام 5 بجے تک) 042 99333604,99333605

Qaumi Sehat Card
موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کریں
www.phimc.punjab.gov.pk

PHIMC
Punjab Health Initiative Management Company
Govt. of the Punjab

عوام کی بے ساختہ للکار
Daily Awami Lalkaar روزنامہ راولپنڈی
عوامی للکار
ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ایڈیٹوریل پیج

پی ٹی آئی اپنی صفیں ٹٹولے

پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ) آئی ایس پی آر (کی طرف سے جاری بیان میں کہا گیا کہ چیئرمین پاکستان تحریک انصاف) پی ٹی آئی (عمران خان کو قانون کے مطابق حراست میں لیا گیا لیکن ان کی گرفتاری کے فوراً بعد منظم طریقے سے آرمی کی املاک اور تنصیبات پر حملے کرائے گئے، فوج مخالف نعرے بازی کروائی گئی، کوشش کی گئی کہ پاک فوج اپنا فوری ردِعمل دے، جس کو مذموم سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کیا جاسکے تاہم پاک فوج نے اپنی ساکھ کی بھی پرواہ نہیں کی، ملک کے وسیع تر مفاد میں صبر اور برداشت سے کام لیا، انتہائی تحمل، بردباری اور میچور رسپانس کا مظاہرہ کرتے ہوئے اِس سازش کو ناکام بنا دیا۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ پاک فوج کو اچھی طرح علم ہے کہ اِس کے پیچھے پارٹی کی کچھ شرپسند لیڈرشپ کے احکامات، ہدایات اور مکمل پیشگی منصوبہ بندی تھی جواب بھی جاری ہے، کسی کو بھی عوام کو اکسانے اور قانون کو ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، جو سہولت کار، منصوبہ ساز اور سیاسی بلوائی اِن کارروائیوں میں ملوث ہیں ان کی شناخت کر لی گئی ہے اور ان کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے گی، یہ تمام شرپسند عناصر اب نتائج کے خود ذمہ دار ہوں گے جبکہ فوجی و ریاستی تنصیبات اور املاک پر کسی بھی مزید حملے کی صورت میں شدید ردعمل دیا جائے گا جس کی مکمل ذمہ داری اِسی ٹولے پر ہوگی جو پاکستان کو خانہ جنگی کی طرف دھکیلنا چاہتا ہے اور برملا و متعدد بار اِس کا اظہار بھی کر چکا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ایک طرف تو یہ عوامی جذبات کو اپنے محدود اور خودغرض مقاصد کی تکمیل کے لیے بھرپور طور پر ابھارتے ہیں تو دوسری طرف لوگوں کی آنکھوں میں دھول جھونکتے ہوئے ملک کے لیے فوج کی اہمیت کو بھی اجاگر کرتے نہیں تھکتے جو کہ دوغلے پن کی مثال ہے، جو کام ملک کے ابدی دشمن 75 سال میں نہ کر سکے وہ اقتدار کی ہوس میں مبتلا ایک سیاسی لبادہ اوڑھے ہوئے گروہ نے کر دکھایا ہے، 9 مئی کا دن ایک سیاہ باب کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔ تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کی گرفتاری کے بعد شروع ہونے والے پرتشدد مظاہرے بعض شہروں میں دوسرے روز بھی جاری رہے، سرکاری املاک کو نذر آتش کیا جاتا رہا، مظاہرین اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان تصادم کی سی کیفیت رہی، لگ بھگ سینکڑوں پولیس افسر اور اہلکار زخمی ہوئے، ڈی آئی جی آپریشن لاہور کی آنکھ پر پتھر لگا اور وہ سروسز ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ہنگاموں میں آٹھ سے زائد افراد جاں بحق جبکہ درجنوں زخمی ہوئے۔ سرکاری و نجی اداروں پر حملوں، توڑ پھوڑ اور جلاگھیرا میں ملوث ایک ہزار سے زائد افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے قوم سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ حساس سرکاری اور نجی املاک کو شدید نقصان پہنچا کر ملک دشمنی کا ثبوت دیا گیا، ایسے عناصر اپنی سرگرمیوں سے باز آجائیں وگرنہ قانون ہاتھ میں لینے والے شرپسندوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، آئین اور قانون کے مطابق قرار واقعی سزا ملے گی۔ وفاقی کابینہ نے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد، پنجاب اور خیبر پختونخوا میں فوج کی تعیناتی کی منظوری بھی دے دی ہے۔ عمران خان صاحب کی گرفتاری کے بعد ملک کے بعض شہروں میں جو کچھ ہوا، اِس کی کسی طور تائید نہیں کی جاسکتی ہے، جنہوں نے قانون ہاتھ میں لیا ہے ان کے خلاف سخت کارروائی کی جانی چاہئے، انہیں اپنے کیے کی سزا ملنی چاہئے۔ بدھ کو سرکاری املاک، ملٹری املاک اور تنصیبات پر حملوں سے متعلق منظر عام پر آنے والی آڈیوز کے بعد پی ٹی آئی کی سنجیدہ لیڈرشپ کو غور کرنا چاہئے کہ ایسے توڑ پھوڑ پر مبنی مظاہروں، جلاگھیراؤ اور پرتشدد کارروائیوں کی اجازت کس نے دی؟ سابق وزیراعظم کی گرفتاری ملکی تاریخ کی کوئی پہلی گرفتاری نہیں ہے، اس سے پہلے بھی کئی سابق وزرائے اعظم کو قید و بند کی صعوبتوں سے گذرنا پڑا ہے۔ تحریک انصاف کے دورِ حکومت میں بھی یہ مکروہ روایت موجود رہی اور نواز شریف کے علاوہ شاہد خاقان عباسی کو بھی طویل عرصہ نیب کی قید میں گذارنا پڑا۔ گرفتار ہونے والے عدالتوں میں مقدمے لڑتے رہے، کسی کے بھی پیروکاروں نے پرتشدد ردعمل کا مظاہرہ نہیں کیا۔ اب بھی عدالتیں موجود ہیں، ان کا دروازہ کھٹکھٹایا جاسکتا ہے، پہلے بھی وہاں سے پی ٹی آئی کو ریلیف ملتا رہا ہے، اب بھی گرفتاری کے خلاف سپریم کورٹ میں درخواست دی گئی، سماعت ہوئی اور عدالت عظمیٰ نے عمران خان کی گرفتاری کو غیرقانونی قرار دیتے ہوئے انہیں رہا کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت عظمیٰ نے انہیں آج اسلام آباد ہائیکورٹ سے رجوع کرنے کا حکم دیتے ہوئے عدالت عالیہ کا فیصلہ تسلیم کرنے کی ہدایت بھی کی۔ انہیں سکیورٹی وجوہات کی بنا پر پولیس لائنز کے گیسٹ ہاس میں رکھنے کا حکم بھی جاری کیا گیا جبکہ ان سے 10 افراد بھی مل سکیں گے۔ چیف جسٹس نے انہیں مخاطب کر کے خواہش کا اظہار کیا کہ وہ پرتشدد واقعات کی مذمت کریں۔ پی ٹی آئی چیئرمین کی گرفتاری کے بعد جو کچھ ہوا اس نے تحریک انصاف کے حوالے سے سوالیہ نشانات کھڑے کر دیے ہیں، اس پر پابندی سے متعلق باتیں شروع ہو چکی ہیں، بلاول بھٹو زرداری نے اگرچہ کسی سیاسی جماعت پر پابندی لگانے کی مخالفت کی تاہم پی ٹی آئی کو سیاسی دہشت گرد بھی قرار دے دیا۔ پی ٹی آئی کو خود غور کرنا چاہیے، اپنی صفوں کو ٹٹولنا چاہئے اور ان لوگوں کے خلاف سخت کارروائی کرنی چاہئے جنہوں نے تشدد کا راستہ اپنایا اور ریاستی تنصیبات پر حملے کر کے اپنی جماعت کے چہرے کو گدلا کیا۔ ایسے عناصر کو چن چن کر قانون کے سپرد کرنا ہوگا تاکہ سیاسی جمہوری عمل آگے بڑھ سکے اور قانون کی طاقت اپنے آپ کو منوا سکے۔ عمران خان صاحب کی گرفتاری کے بعد ملک کے بعض شہروں میں جو کچھ ہوا، اِس کی کسی طور تائید نہیں کی جاسکتی ہے، جنہوں نے قانون ہاتھ میں لیا ہے ان کے خلاف سخت کارروائی کی جانی چاہئے، انہیں اپنے کیے کی سزا ملنی چاہئے۔ بدھ کو سرکاری املاک، ملٹری املاک اور تنصیبات پر حملوں سے متعلق منظر عام پر آنے والی آڈیوز کے بعد پی ٹی آئی کی سنجیدہ لیڈرشپ کو غور کرنا چاہئے کہ ایسے توڑ پھوڑ پر مبنی مظاہروں، جلاگھیراؤ اور پرتشدد کارروائیوں کی اجازت کس نے دی؟ سابق وزیراعظم کی گرفتاری ملکی تاریخ کی کوئی پہلی گرفتاری نہیں ہے۔

ٹک ٹاک ستان!

صبغت اللہ چودھری

فحش نگاری پر سعادت حسن منٹو پر مقدمہ چلا۔ ایک روز پیشی کے دوران کمرہ عدالت میں جج نے سوال کیا کہ آپ اس قسم کا واحیات لٹریچر کیوں لکھتے ہیں؟ جس پر منٹو نے جواب دیا کہ میں اپنے افسانوں میں خود سے کچھ نہیں لکھتا، درحقیقت یہ ساری غلاظت ہمارے سماج کے اندر موجود ہے، میں نے صرف بند کمروں کے گند کو اٹھا کر بیچ چوراہے پر لا پھینکا ہے۔ موجودہ دور میں سعادت حسن منٹو کی یہ ڈیوٹی ٹک ٹاک اور یو ٹیوب کے ذریعے سرانجام دی جا رہی ہے، جو لوگوں کے گھروں، ذہنوں، جسموں، دلوں، دماغوں اور بند کمروں کے اندر موجود گند کو مسلسل باہر لا رہے ہیں۔ کراچی سے خیبر تک ملک کے طول وعرض پر کوئی شخص ایسا نہیں جس میں کسی بھی قسم کا رتی برابر کوٹیلنٹ موجود ہو اور وہ ٹک ٹاک یا یوٹیوب پر طبع آزمائی نہ کرے۔ پنجاب کے دور افتادہ گاں میں رفع حاجت کیلئے کھیتوں میں جانیوالوں سے لیکر دمکتے ہوئے شہروں کی فراواں مخلوق ہر نوع کی غلاظت کے انبار لگا رہی ہے۔ جسے انتہائی خوشنما پیکنگ کے ساتھ گھر گھر پہنچایا جا رہا ہے۔ ان سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر سانپ اور نیولے کی لڑائی، بندر اور بکری کا تماشہ، ریچھ اور قلندر کی کشتی، سانڈے کا تیل، مردانہ کمزوری، نسوانی حسن میں اضافے، حکیم سلطان دواخانہ اور عامل بنگالی بابا تک سہولت موجود ہے۔ دنیا بھر میں کوئی فیلڈ، روزگار یا پروفیشن ایسا نہیں جس میں دولت، شہرت اور عزت آپ کو اکٹھی دستیاب ہو ں کیونکہ ان تینوں کا کمبی نیشنہت خطرناک ہے۔ یہی وجہ ہے کہ عمومی طور پر آپ کو ان میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا پڑتا ہے۔ لاہور میں سائیں میاں میر دربار کے باہر بیٹھے ملنگ جب بھنگ کے نشے میں سرمست ہو جائیں تو یہ نعرہ لگاتے ہیں۔ میاں میر، ننگیاں نوں کپڑے، تے بھکھیاں نوں کھیر۔ تاہم موجودہ حالات میں یوٹیوب، ٹک ٹاک اور انسٹاگرام سائیں میاں میر بنے ہوئے ہیں جو ننگوں کو کپڑے اور بھوکوں کو کھیر کھلا رہے ہیں۔ تاہم روٹی، کپڑا اور مکان پر مشتمل اس پیکج کے حصول کیلئے بنیادی شرط مشہور ہونا ہے، جیسے تیسے کر کے آپ کی شہرت ہو جائے تو پھر آپ کو دولت بھی حاصل ہونا شروع ہو جاتی ہے اور ظاہر ہے شہرت اور دولت کے نتیجے میں کسی حد تک عزت بھی لازمی بات ہے۔ لیکن اصل مسئلہ یہ ہے کہ 23 کروڑ عوام کے سمندر میں نمایاں ہونا اتنا آسان نہیں، اس کیلئے آپ کو کسی بھی حد تک جانا ہے، یہی وجہ ہے کہ ان سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر ایک طوفان بدتمیزی برپا ہے۔ کوئی چنگاری بھڑکنے سے کسی گھر کو آگ لگی ہو، سڑک کے کنارے خوفناک حادثے کا شکار کوئی شخص جان سے جا رہا ہو، یا گن پوائنٹ پر نا معلوم ڈاکو کسی راہگیر کو لوٹ رہے ہوں، یا پھر دیگر کسی نوع کی پرائیویٹ ٹرانزیکشن کی جا رہی ہو تو لوگ اسے عکسبند کر کے فوراسے پہلے مذکورہ پلیٹ فارمز پر اپ لوڈ کر دیتے ہیں۔

احتجاج اور سیاسی کارکنوں کی تربیت

نسیم شاہد

پاکستان میں سیاسی کارکنوں کی تربیت کا کوئی نظام موجود نہیں، یہ ایسی خود رو فصل ہے جو خود ہی پروان چڑھتی اور اپنا راستہ بھی خود بناتی ہے۔ عمران خان کی گرفتاری کے بعد جو کچھ ہوا، اسے کسی نے بھی ایک اچھا عمل قرار نہیں دیا۔ احتجاج سب کا حق ہے مگر متشدد احتجاج کبھی بھی ایک پسندیدہ عمل نہیں سمجھا جاتا، پرتشدد احتجاج کی زندگی بہت کم ہوتی ہے اور اس کے اثرات بھی دیرپا نہیں ہوتے جبکہ پرامن احتجاج اپنا دیرپا اثر چھوڑتا ہے اور اس کی طاقت بالآخر خود کو منوا لیتی ہے، ایسا پہلی بار نہیں ہوا کہ کسی لیڈر کی گرفتاری یا کسی بڑے سیاسی واقعہ پر کارکنوں نے ایسا پرتشدد احتجاج کیا ہو۔ ماضی میں بھی اس کی مثالیں مل جاتی ہیں۔ کہنے کو ہر سیاسی جماعت کی لیڈرشپ اپنے کارکنوں کو یہی کہتی ہے کہ وہ پرامن احتجاج کریں لیکن چونکہ کارکنوں کی اس حوالے سے تربیت نہیں ہے اس لئے وہ پرتشدد احتجاج کا راستہ اختیار کر لیتے ہیں۔ اس بار 9 مئی کو جو واقعات ہوئے، ان کی وجہ ابھی تک سمجھ نہیں آ سکی۔ آخر وہ کون تھا جس نے کارکنوں کو اس بات پر اکسایا کہ وہ کینٹ کے علاقوں کا رخ کریں اور لاہور میں جناح ہاس تک پہنچ جائیں جو کور کمانڈر کی رہائش گاہ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ ملتان میں بھی حیران کن طور پر مظاہرین کینٹ کے علاقے میں پہنچ گئے، حالانکہ تحریک انصاف کا عمومی احتجاج چونگی نمبر 9 یا نواں شہر چوک پر ہوتا تھا۔ یہ کس نے راہ دکھائی کہ اس علاقے کا رخ کریں جہاں آج تک کوئی احتجاج ہوا ہی نہیں۔ یہ بات اس لئے بھی سمجھ نہیں آتی کہ بعض دیگر شہروں میں بھی اسی قسم کے احتجاج دیکھنے میں آئے۔ آخر اس پردہ نگاری میں کون تھا، جس نے سیاسی احتجاج کا رخ ایسے علاقوں کی طرف موڑ دیا جہاں کبھی سیاسی سرگرمیاں ہوئی ہی نہیں۔ کہا جاتا ہے کہ سیاسی کارکن لائی لگ ہوتے ہیں یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ہجوم کی ایک خاصی نفسیات ہوتی ہے۔ وہاں بھیڑ چال چلتی ہے، ایک نے پتھر اٹھا کے پھینک دیا تو باقی بھی پتھر تلاش کرنے لگ جاتے ہیں۔ بات اس وقت سمجھ میں آتی ہے جب بہت سا نقصان ہو چکا ہوتا ہے۔ یہ بات تو عمومی طور پر کہی جاتی ہے کہ سیاسی جلوس میں شرپسند گھس آئے، یہ شرپسند کیسے گھس آتے ہیں؟ اس کا کھوج لگانے کی ضرورت ہے، مجھے ایک صحافی نے بتایا کہ جب 9 مئی کو تحریک انصاف کا نواں شہر کے قریب احتجاج ہو رہا تھا تو مبینہ طور پر چند لوگ آئے اور انہوں نے کہا ہمیں کینٹ کی طرف جانا چاہیے اس کے بعد کوئی بھی ایسا نہیں تھا جو انہیں روکتا کہ ہمیں کینٹ کی طرف نہیں جانا چاہیے۔ اس صحافی نے یہ بھی بتایا کہ جب ملتان کے علاقے بہاولپور بائی پاس پر احتجاج ہو رہا تھا تو بعض کارکنوں نے کینٹ کی طرف جانے کا مطالبہ کیا جسے وہاں موجود قائدین نے سختی سے رد کر دیا۔ جذباتی فضا میں فائدہ اٹھانے والے شامل ہو جاتے ہیں جن کا مقصد انتشار کو ہوا دینا ہوتا ہے۔ سرکاری املاک کو جلانا، گاڑیوں کو نقصان پہنچانا، قانون نافذ کرنے والے ادارے کے عملے پر پتھراؤ کرنا، ایسے واقعات ہیں جو آئے روز احتجاج کے وقت مشاہدے میں آتے ہیں جس کا سب سے بڑا نقصان یہ ہے کہ کشیدگی میں اضافہ ہوتا ہے بعدازاں مقدمات کے اندراج کی وجہ سے گرفتاریاں بھی عمل میں آتی ہیں اور وہ کارکن جو اپنے گھروں کا سہارا ہوتے ہیں کئی کئی ماہ کے لئے جیل چلے جاتے ہیں۔ عمران خان کو جب سپریم کورٹ نے نیب حراست سے عدالت بلایا تو چیف جسٹس نے ان سے یہی کہا کہ ان کی گرفتاری کے بعد بہت احتجاج ہوا جس میں قومی املاک کو نقصان بھی پہنچایا گیا، ہم امید کرتے ہیں آپ اپنے کارکنوں کو پرامن رہنے کا کہیں گے۔ کیا واقعی ایسا ممکن ہے کہ لیڈر کہے اور کارکن پرامن احتجاج کرنے لگیں، کیا یہ حقیقت نہیں کہ سیاسی جماعتوں کے رہنماں کی تو ایک تنظیم ہوتی ہے، ان کے پاس درجہ بدرجہ عہدے بھی موجود ہوتے ہیں لیکن سیاسی کارکنوں کی کوئی تنظیم نہیں ہوتی، وہ بے لگام ہوتے ہیں اور بوقتِ ضرورت اپنے فیصلے آپ کرتے ہیں۔ حالیہ عرصے میں تحریک انصاف کے ساتھ ایسے کئی واقعات پیش آ چکے ہیں جب اس کے کارکنوں کا ریاستی طاقتوں سے سامنا ہوا۔ 25 مئی 2022 کو تحریک انصاف کا پہلا بڑا امتحان ہوا تھا۔ اس وقت بھی تشدد ان کے احتجاج میں در آیا تھا جس کے جواب میں ریاستی طاقت کا استعمال ہوا اور حالات بگڑ گئے۔ زمان پارک میں جو کچھ ہوا وہ بھی سب کے سامنے ہے۔ یہ حکمت عملی کہ اپنے لیڈر کو انسانی ڈھال کے ذریعے گرفتاری سے بچانا ہے، خطرناک راستہ ہے، اصل راستہ یہی ہے کہ قانونی طور پر خود کو بچایا جائے۔

9 مئی کو جو کچھ ہوا وہ دونوں طرف سے اپنی حدود کراس کرنے کا نتیجہ تھا۔ سپریم کورٹ نے اسی لئے اسلام آباد ہائیکورٹ سے عمران خان کی گرفتاری کو غیر قانونی قرار دیا کہ وہاں طاقت کا استعمال ہوا اور عدالت کی توقیر متاثر ہوئی، اگر عمران خان کی گرفتاری نارمل طریقے سے عدالتی حکم کے بعد عمل میں آتی تو شاید اس کا ردعمل بھی اتنا شدید نہ ہوتا، تاہم اس میں بے احتیاطی تحریک انصاف کے بعض رہنماں کی طرف سے بھی کی گئی اور گرفتاری کے بعد جذباتی فضا پیدا کر کے کارکنوں کو مشتعل کیا گیا، اگر اس وقت پرزور طریقے سے کارکنوں تک یہ پیغام پہنچایا جاتا کہ انہوں نے مختلف شہروں کے فلاں فلاں مقامات پر پرامن احتجاج کرنا ہے اور اپنے درمیان آنے والے شرپسندوں پر نظر رکھنی ہے تو شاید وہ واقعات پیش نہ آتے جو اس دن پیش آئے لیکن ایسا اس صورت ممکن تھا جب سیاسی کارکنوں کی بھی تربیت ہوئی ہوتی۔ جب پرتشدد مظاہرے ہو رہے ہوتے ہیں تو اس وقت کسی کو ہوش نہیں ہوتی وہ کیا کر رہا ہے اور کیمرے کی آنکھ اسے کہاں کہاں ریکارڈ کر رہی ہے، نتائج سے بے پروا ایسے کارکن دراصل اپنے اور اپنے والدین کے لئے ایسا مسائل پیدا کرتے ہیں۔

پاکستان تحریک انتشار اور عمران خان کی فتح

مصطفی کمال پاشا

ترجمان پاک فوج نے خوب کہا (9 مئی کے دن جو کچھ ہوا (جو دشمن نہیں کر سکا سیاسی گروہ) پی ٹی آئی (نے کر دکھایا۔ بالکل درست کہا۔ سچ کہا یہ تاریخی اعتبار سے بالکل درست اور سچ ہے لیکن یہ سب کچھ 9 مئی کو نہیں ہوا، بلکہ اس کی تیاری، منصوبہ سازی سالوں پہلے کی گئی تھی، جب دسمبر 1979 میں اشتراکی افواج دریائے آمو عبور کر کے افغانستان میں داخل ہوئیں اور دو جنوری 1980 امریکی صدر نے افغانستان کو بھولی بسری داستان قرار دے کر پاکستان کو 300 ملین ڈالر کی امداد کی پیش کش کی جسے جنرل ضیا الحق نے مونگ پھلی قرار دے کر یکسر مسترد کر دیا تھا پھر پاکستان نے اشتراکیوں کے خلاف جدوجہد کرنے والے افغانگروپوں کی سرپرستی شروع کر دی۔ افغانستان کی منتشر تحریک آزادی، جہادِ افغانستان کے پرچم تلے منظم کی گئی اور پھر ہم نے دیکھا کہ 1989 میں دنیا کی عظیم فوج، عظیم ریاست کی عظیم فوج شکست کا بدنما داغ لئے اپنے وطن واپس لوٹ گئی۔ اگلے دو سالوں کے اندر عظیم اشتراکی سلطنت پندرہ ٹکڑوں میں تحلیل ہو کر طاقت اور ہیبت کے آسمان سے غائب ہو گئی۔ دنیائے مغرب افغانوں کی عظمت اور قوتِ مقاومت سے انگشت بدنداں تھی لیکن انہیں زیادہ فکر پاکستان کی تھی جس کی پشت پناہی میں افغانوں نے یہ حیرت ناک کارنامہ سرانجام دیا تھا۔ پھر جب پاکستان نے امریکی دبا اور درخواست دونوں کو مسترد کرتے ہوئے ایٹی دھماکے کئے تو صیہونی قوتیں تحرک ہو گئیں اور طے پا گیا کہ پاکستان کی فوج اور ایٹمی پروگرام کا خاتمہ کیا جائے گا۔ ایٹمی پاکستان کے دانت کھٹے کر دیئے جائیں گے۔ عمران خان کی جمائما کے ساتھ شادی کو زعما قوم ڈاکٹر اسرار احمد اور حکیم محمد سعید اسی عالمی سازش کے تناظر میں دیکھتے تھے انہوں نے قوم کو اسی وقت خبردار کر دیا تھا کہ جب عمران خان ایک شرمیلے سے پلے بوائے تھے، ان کا سیاست سے دور دور کا واسطہ نہیں تھا۔ گولڈ سمتھ گھرانا صرف یہودی نہیں بلکہ روتھ چائلڈ گھرانے کا حصہ ہے یہ وہ گھرانہ جو امریکی نظام زر و سیاست کو آہنی گرفت میں لئے ہوئے ہے جس کی شاخیں یورپ تک پھیلی ہوئی ہیں، روتھ چائلڈ نے ہی خلافت عثمانیہ کے خاتمے کی برطانوی سازش میں اہم کردار ادا کیا، پھر 1916 میں اعلانِ بالفور کے ذریعے ریاست اسرائیل کے قیام کو اسی خاندان نے یقینی بنایا تھا اور آج بھی تھرڈ ٹیمپل کی تعمیر اور مسیح موعود کے استقبال کی تیاریوں اور یہودیوں کے عالمی غلبے کے لئے یہی خاندان سردھڑ کی بازیاں لگا رہا ہے۔ یہی خاندان، جمائما گولڈ سمتھ، ایٹمی پاکستان کے دانت کھٹے کرنے کے لئے تن من دھن سے مصروف عمل ہے۔ 1996 میں تحریک انصاف کا قیام اور 2011 میں عمران خان کا بڑے طمطراق سے مینار پاکستان میں فقید المثال جلسہ عام کا اہتمام کر کے لانچ کرنا اسی عالمی صیہونی سازش کا حصہ ہے جو کامیاب ہوتی نظر آ رہی ہے۔

2011 میں طے کر لیا گیا تھا کہ عمران خان کو ڈرائیونگ سیٹ پر بٹھایا جائے گا، پھر پاکستان کے تمام ادارے، چھوٹے بڑے، اعلیٰ اور ادنیٰ عمران خان کو عظیم خان بنانے میں لگ گئے۔ عمران خان کے خطاب ایسے دکھائے جانے لگے جیسے وہ ترکی کے اتاترک اور فرانس کے ڈیگال ہیں۔ عمران خان کی شخصیت کو ابھارا اور نکھارا جانے لگا، انہیں ایک عظیم نجات دہندہ کے طور پر پیش کیا جانے لگا۔ عمران خان کو سیاست میں کھلا راستہ دینے کے لئے نواز شریف کو سیاست سے حرفِ غلط کی طرح مٹانے کے لئے سزا یافتہ بنا کر دیس نکالا دے دیا گیا، 2018 میں انہیں پاکستان کا اقتدار سونپا گیا۔ انہوں نے اپنے 44 ماہی دورِ حکمرانی میں پاکستان کی ایسی تیسی پھیر دی۔ ریاستی ادارے ہوں یا سرکاری ادارے، انہوں نے شعوری طور پر ان کا بھٹہ بٹھایا۔ سفارتی سطح پر پاکستان کو مکمل تنہائی میں پھنسایا گیا۔ پاکستانی معیشت کا دیوالیہ نکال دیا، سیاست میں نفرت کو فروغ دیا۔

پھر 9/10 اپریل 2022 میں اقتدار سے علیحدگی کے بعد انہوں نے کھل کھلا کر ریاستِ پاکستان کو ناکام بنانے کی مہم شروع کی۔ انہوں نے گزرے 27 سالوں کے دوران اپنے عقیدت مندوں کی جو تربیت کی تھی وہ اس مہم میں ہراول کے طور استعمال ہوئی اور پھر ہم نے دیکھا کہ 9 مئی کا سانحہ عظیم رونما ہو گیا۔

اس سانحے کے بارے میں آئی ایس پی آر نے جو کچھ کہا وہ درست ہی نہیں بلکہ ایک ایسی حقیقت ہے جس سے انکار ممکن نہیں ہے۔ عمران خان تبدیلی کے نعرے اور ریاست مدینہ کے نام پر ایک ایسی نسل تیار کر چکے ہیں جو اپنے طرزِ فکر و عمل میں بالکل منفرد نوعیت کی ہے۔ اس نسل / گروہ میں ہر طرح کے، ہر عمر اور ہر طبقے کے مرد و زن موجود ہیں جو عمران خان کو آئیڈیلائز کرتے ہیں ان کی تقریروں پر سر دھنتے ہیں ان کی آواز پر لبیک کہتے ہیں، ان کی گرفتاری پر تمام حدود و قیود بھی پار کر جاتے ہیں، ان کے نزدیک عمران خان ہی اول ہیں اور وہی آخر۔ عالم اسلام میں اس طرح کے گروہ پہلے بھی تخلیق دیئے جاتے رہے ہیں، ماضی قریب میں ابوبکر البغدادی کے گرد داعش کی تخلیق دشمنوں کی ایسی ہی سیاہ کاریوں کا نمونہ ہے جس کا مقصد افتراق و انتشار اور تباہی و بربادی ہوتا ہے اب یہ بات اظہر من الشمس ہو چکی ہے کہ داعش امریکی سی آئی اے کی تخلیق تھی۔ خلافتِ عثمانیہ کے انہدام میں ینگ ٹرکس کا کردار ہماری تاریخ کا حصہ ہے اس کی تخلیق میں فری میسن کا کردار ہمارے سامنے ہے۔

پاکستان کی سیاست میں شخصی اور گروہی دشمنیوں کو کس نے فروغ دیا؟ آج اگر ہماری قومی سیاست زہر آلود ہے اور سیاست دان باہم دست و گریبان ہیں تو یہ کارنامہ کس نے سرانجام دیا ہے؟ سیاست دانوں کو چور ڈاکو کہنا اور اسی دوران خود بھی ایسے ہی کاموں میں ملوث ہونا، کس کی شخصیت کا کارنامہ ہے؟ سیاست میں تشدد کو فروغ کس نے دیا؟ آج ہم دیکھتے ہیں کہ ملکی سیاست رسوا ہو چکی ہے۔ افتراق و انتشار ہے تو اس کی ذمہ داری کس کے سر جاتی ہے؟ عمران خان کی سیاست نے ملکی سیاست کو گندہ کر دیا ہے۔ انتشار میں مبتلا کر دیا ہے۔ ہماری قومی معیشت جاں بلب ہے۔ کوئی عالمی ادارہ ہم پر اعتبار کرنے کے لئے آمادہ نظر نہیں آتا تو اس کی ذمہ کس پر ہے؟ آئی ایم ایف کے ساتھ معاہدہ کرنے کے بعد اس کی شقوں کے برعکس اقدامات کر کے کس نے قومی اعتبار کو مجروح کیا تھا۔ سعودی عرب، ملائیشیا، چین، ترکی اور ایسے ہی دوست ممالک کو پاکستان سے دور کرنے میں کس کی مساعی شامل تھی۔ آج اگر سپریم کورٹ تقسیم نظر آ رہی ہے اس کی بے توقیری ہو رہی ہے تو یہ کارنامہ بھی عمران خان کی کاوشوں کا نتیجہ ہے۔ سب سے اہم، ہماری مسلح افواج اگر نشانے پر ہیں تو یہ کس کی کاوشوں کا نتیجہ ہے۔ ہمارے جرنیل ایسا ہی کچھ پہلے بھی کرتے رہے ہیں جو بقول عمران خان کے، ان کے ساتھ کیا ہے، کیا فوج جنرل ایوب خان سے لے کر، جنرل یحییٰ، جنرل ضیا الحق اور جنرل مشرف تک ایسا ہی نہیں کرتی رہی ہے جیسا جنرل باجوہ نے نواز شریف اور پھر عمران خان کے ساتھ کیا؟ یہ سب کچھ قطعاً درست نہیں تھا اور نہ ہے لیکن عمران خان جو کچھ کر رہے ہیں یہ بالکل بھی ناواجب اور غلط ہے اس سے ملک انتشار کا شکار ہو گیا ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کا قیام ملک میں افتراق و انتشار کے لئے تھا آج یہ پاکستان تحریک انتشار بن کر سامنے آ چکی ہے۔ اللہ خیر کرے۔

اس سانحے کے بارے میں آئی ایس پی آر نے جو کچھ کہا وہ درست ہی نہیں بلکہ ایک ایسی حقیقت ہے جس سے انکار ممکن نہیں ہے۔ عمران خان تبدیلی کے نعرے اور ریاست مدینہ کے نام پر ایک ایسی نسل تیار کر چکے ہیں جو اپنے طرزِ فکر و عمل میں بالکل منفرد نوعیت کی ہے۔ اس نسل / گروہ میں ہر طرح کے، ہر عمر اور ہر طبقے کے مرد و زن موجود ہیں جو عمران خان کو آئیڈیلائز کرتے ہیں ان کی تقریروں پر سر دھنتے ہیں ان کی آواز پر لبیک کہتے ہیں، ان کی گرفتاری پر تمام حدود و قیود بھی پار کر جاتے ہیں، ان کے نزدیک عمران خان ہی اول ہیں اور وہی آخر۔ عالم اسلام میں اس طرح کے گروہ پہلے بھی تخلیق دیئے جاتے رہے ہیں، ماضی قریب میں ابوبکر البغدادی کے گرد داعش کی تخلیق دشمنوں کی ایسی ہی سیاہ کاریوں کا نمونہ ہے جس کا مقصد افتراق و انتشار اور تباہی و بربادی ہوتا ہے اب یہ بات اظہر من الشمس ہو چکی ہے کہ داعش امریکی سی آئی اے کی تخلیق تھی۔ خلافتِ عثمانیہ کے انہدام میں ینگ ٹرکس کا کردار ہماری تاریخ کا حصہ ہے اس کی تخلیق میں فری میسن کا کردار ہمارے سامنے ہے۔
پاکستان کی سیاست میں شخصی اور گروہی دشمنیوں کو کس نے فروغ دیا؟ آج اگر ہماری قومی سیاست زہر آلود ہے اور سیاست دان باہم دست و گریبان ہیں تو یہ کارنامہ کس نے سرانجام دیا ہے؟ سیاست دانوں کو چور ڈاکو کہنا اور اسی دوران خود بھی ایسے ہی کاموں میں ملوث ہونا، کس کی شخصیت کا کارنامہ ہے؟ سیاست میں تشدد کو فروغ کس نے دیا؟ آج ہم دیکھتے ہیں کہ ملکی سیاست رسوا ہو چکی ہے۔ افتراق و انتشار ہے تو اس کی ذمہ داری کس کے سر جاتی ہے؟ عمران خان کی سیاست نے ملکی سیاست کو گندہ کر دیا ہے۔

شوبز SHOWBIZ

آریان خان کو گرفتار کرنے والے افسر کیخلاف مقدمہ درج

آریان خان 4 ہفتے جیل میں گذارنے کے بعد ضمانت پر رہا ہو گئے تھے

ممبئی (جنرل رپورٹر) بھارتی تحقیقاتی ادارے سینٹرل بیورو آف انویسٹی گیشن نے بالی وڈ اداکار شاہ رخ خان کے بیٹے آریان خان کو منشیات کیس میں گرفتار کرنے والے افسر کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔ سی بی آئی حکام کے مطابق اینٹی نارکوٹکس کے افسر سمیر وانکھڈے کے خلاف دو سال قبل کروز ڈرگ کیس میں آریان خان کو گرفتار نہ کرنے کے بدلے 25 کروڑ روپے رشوت طلب کرنے پر مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق وانکھڈے اور دیگر اہلکاروں نے مبینہ طور پر آریان خان کو منشیات کیس میں شامل نہ کرنے کے بدلے 25 کروڑ روپے رشوت طلب کی تھی۔

شاداب خان کی اہلیہ کو برا بھلا بولنے پر شاہ تاج خان تنقید کا شکار

شاداب خان میری محبت تھی لیکن اس نے باحجاب لڑکی سے شادی کرلی، شاہ تاج

کراچی (شوبز نیوز) پاکستانی کرکٹر شاداب خان کی اہلیہ ملائکہ ثقلین کے حجاب کو برا بھلا بولنے پر شاہ تاج خان پر مداحوں کی طرف سے کافی تنقید ہو رہی ہے۔ شاہ تاج خان ایک مشہور پاکستانی ٹک ٹاکر اور سوشل میڈیا پر اثر و رسوخ کیلئے جانی جاتی ہیں۔ شاہ تاج خان کے 1.7 ملین انسٹاگرام فالوورز ہیں۔ ابتدا میں شاہ تاج خان شاداب خان کی بڑی مداح رہی ہیں لیکن جب شاداب خان نے سابق پاکستانی کرکٹر ثقلین مشتاق کی باحجاب بیٹی ملائکہ خان سے شادی کی تو انہوں نے اپنی ایک ویڈیو میں شاداب خان پر باحجاب لڑکی سے شادی کرنے پر لعنت بھیجی۔ شاہ تاج خان نے کرکٹر کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ شاداب خان میری محبت تھی لیکن اس نے باحجاب لڑکی سے شادی کرلی، لعنت ہو اس پر پہلے مجھے پتہ چلا کہ وہ اپنے کرکٹ ٹور پر ہے لیکن پھر پتہ چلا کہ اس نے حجاب والی لڑکی سے شادی کرلی۔ شاہ تاج خان کے نامناسب الفاظ استعمال کرنے پر سوشل میڈیا صارفین سخت برہم ہوئے اور انہیں شدید تنقید کا نشانہ بنایا۔ سوشل میڈیا صارفین نے کہا کہ شاہ تاج خان جیسی لڑکیاں حجاب کی اہمیت نہیں جانتیں، صارفین کا کہنا تھا کہ وہ شاداب جیسے شوہر کے لائق نہیں کیونکہ شاداب نے

اداکارہ حرا سومرو کام کی وجہ سے بچوں سے دوری پر آبدیدہ، ویڈیو وائرل

ایسی صورت حال میں بعض مائیں خود کو مجرم قرار دیتی رہتی ہیں، اداکارہ

لاہور (شوبز نیوز) اداکارہ حرا سومرو کی کام کی وجہ سے بچوں سے دوری پر آبدیدہ ہونے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ اداکارہ حرا سومرو نے حال ہی میں انسٹاگرام پر ایک مختصر ویڈیو شیئر کی، جس میں انہیں کار میں بیٹھے روتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ ویڈیو میں اداکارہ کے چہرے سے اداسی جھلکتی دکھائی دیتی ہے جبکہ ان کی آنکھیں سرخ اور چہرہ بھی لال پڑتا دکھائی دیتا ہے۔ انہوں نے ویڈیو کو شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں لکھا کہ کام کی مجبوری کے باعث بچوں سے مختصر مدت کے لیے دوری بھی بعض ماوں کو پریشان کر دیتی ہے۔

مجھے اب واقعی کسی پر بھروسہ نہیں ہے: جنت مرزا

اداکارہ نے حالیہ تصویروں میں بھروسے سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیا

لاہور (شوبز نیوز) حال ہی میں اپنی منگنی توڑنے والی پاکستانی معروف ٹک ٹاکر و ماڈل جنت مرزا نے کہا ہے کہ اب مجھے کسی پر بھروسہ نہیں ہے۔ جنت مرزا نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم کی فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپلی کیشن انسٹاگرام اکانٹ پر اپنی خوبصورت نئی تصویریں شیئر کی ہیں۔ ان تصویروں میں جنت مرزا کو دیہات میں خوبصورت نظاروں کے درمیان دیکھا جا سکتا ہے۔ اداکارہ نے حالیہ تصویروں میں بھروسے سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے۔ جنت مرزا کا اپنی پوسٹ کے کمنٹ باکس میں کہنا ہے کہ یہ واضح کر دوں کہ میں اب واقعی کسی پر بھی بھروسہ نہیں کرتی۔

سہیل خان نے بھائی سلمان خان کے ساتھ نئے فلمی پروجیکٹ پر کام شروع کر دیا

ممبئی (شوبز نیوز) بالی وڈ اداکار اور فلمساز سہیل خان نے اپنے بھائی سپر اسٹار سلمان خان کے ساتھ اپنے نئے فلمی پروجیکٹ کیلئے تیاریاں شروع کر دیں۔ سہیل خان نے حال ہی میں ایک تقریب میں شرکت کی جہاں نے انہیں انکشاف کیا کہ وہ ایک پروجیکٹ پر کام کر رہے ہیں جو ممکنہ طور پر ایکشن فلم ہوگی، ان کا کہنا تھا کہ اس ایکشن فلم کیلئے پہلا انتخاب میرا بھائی سلمان خان ہے لیکن اس کردار کو میرے بھائی کے لئے مناسب بھی ہونا چاہیے۔ سہیل خان نے خبردار کیا کہ سلمان خان اگرچہ میرے بھائی ہیں لیکن وہ نہایت پروفیشنل ہیں، یہ ان پر منحصر ہے۔

'اٹھو پاکستانیو اٹھو' راکھی ساونت بھی عمران خان کی حمایت میں بول پڑیں

راکھی ساونت کی ویڈیو سوشل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارمز پر وائرل ہو رہی ہے

ممبئی (شوبز نیوز) بھارتی اداکارہ و ڈانسر راکھی ساونت بھی سابق وزیرِ اعظم اور چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کی حمایت میں میدان میں آگئیں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق راکھی ساونت نے بھی پاکستانیوں سے اپیل کی ہے کہ وہ باہر نکلیں اور عمران خان کا ساتھ دیں، اداکارہ نے اپنے ٹِک ٹاک ویڈیو پیغام میں کہا کہ اٹھو پاکستانیوں جا، عمران خان کا ساتھ دو، اگر ہمارے ملک میں ایسا ہوا ہوتا تو ہم ان کی حمایت میں باہر نکل آتے۔ راکھی ساونت کی ویڈیو سوشل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارمز پر وائرل ہو رہی ہے۔

پاکستانی کامیڈی فلم 'سپر پنجابی' نمائش کے لیے پیش کر دی گئی

،اس سے قبل اس فلم کو 3 مارچ کو نمائش کے لیے پیش کیے جانا تھا

لاہور (شوبز نیوز) پاکستانی پنجابی کامیڈی فلم 'سپر پنجابی' کو نمائش کے لیے پیش کر دیا گیا ،فلم کو 3 مارچ کو ریلیز کیے جانا تھا تاہم پی ایس ایل 8 کی وجہ سے فلم کی نمائش کی تاریخ کو آگے بڑھا دیا گیا۔ سپر پنجابی پنجابی زبان کی فلم ہے، کامیڈی، مزاح سے بھرپور فلم کی کاسٹ میں محسن عباس حیدر، صائمہ بلوچ، افتخار ٹھاکر، ثنا فخر اور عدنان شاہ ٹیپو سمیت دیگر شامل ہیں جبکہ فلم کی ہدایات کار ابو علیحہ ہیں۔ فلم کو صفدر ملک اور افتخار ٹھاکر نے پروڈیوس کیا جسے پاکستان سمیت 19 ممالک میں ریلیز کیا جا رہا ہے، اس سے قبل اس فلم کو 3 مارچ کو نمائش کے لیے پیش کیے جانا تھا تاہم مارچ میں پی ایس ایل 8 کی وجہ سے اس فلم کی نمائش کو ملتوی کر دیا گیا تھا۔

SUPER PUNJABI

SPORTS سپورٹس

ویسٹ انڈیز بورڈ نے سیمی کو ون ڈے اور ٹی 20 کا کوچ مقرر کر دیا

ویسٹ انڈین بورڈ کے مطابق 39 سالہ سابق کپتان فل سمنز کی جگہ لیں گے

جمیکا (سپورٹس نیوز) ویسٹ انڈین کرکٹ بورڈ) ڈبلیو سی بی (نے سابق کپتان ڈیرن سیمی کو ون ڈے اور ٹی 20 کا کوچ مقرر کر دیا۔ ویسٹ انڈین بورڈ کے مطابق 39 سالہ سابق کپتان فل سمنز کی جگہ لیں گے جبکہ آندرے کولے کو ٹیسٹ ٹیم کا کوچ مقرر کیا گیا ہے۔ 48 سالہ کولے 7 میچز میں جمیکا کی نمائندگی کر چکے ہیں اور رواں سال زمبابوے اور جنوبی افریقہ کے دوروں کے دوران ٹیم کے عبوری کوچ تھے۔ سابق آل راؤنڈر سیمی نے 38 ٹیسٹ، 126 ون ڈے انٹرنیشنل اور 68 ٹی ٹوئنٹی میچز کھیلے ہیں اور وہ 2021 میں ریٹائر ہونے کے بعد کیریبین پریمیئر لیگ) سی پی ایل (اور پاکستان سپر لیگ) پی ایس ایل (میں کوچنگ کر چکے ہیں، انہوں نے 2012 اور 2016 کے T20 ورلڈ کپ میں ویسٹ انڈیز کی قیادت بھی کی۔ ڈیرن سیمی کا کہنا تھا کہ میرے لئے یہ ذمہ داری ایک چیلنج ہوگی لیکن میں اس کے لیے تیار اور پرجوش ہوں۔ اور رواں سال زمبابوے اور جنوبی افریقہ کے دوروں کے دوران ٹیم کے عبوری کوچ تھے۔ سابق آل راؤنڈر سیمی نے 38 ٹیسٹ، 126 ون ڈے انٹرنیشنل اور 68 ٹی ٹوئنٹی میچز کھیلے ہیں اور وہ 2021 میں ریٹائر ہونے کے بعد کیریبین پریمیئر لیگ) سی پی ایل (اور پاکستان سپر لیگ) پی ایس ایل (میں کوچنگ کر چکے ہیں، انہوں نے 2012 اور 2016 کے T20 ورلڈ کپ میں ویسٹ انڈیز کی قیادت بھی کی۔

بنگلا دیش کی دوسرے ون ڈے میں آئرلینڈ کو 3 وکٹوں سے شکست

دونوں ٹیموں کے درمیان تین میچوں کی سیریز کا پہلا میچ بارش کی نذر ہو گیا تھا

چیمسفورڈ (سپورٹس نیوز) بنگلا دیش نے دوسرے ایک روزہ میچ میں آئرلینڈ کو 3 وکٹوں سے شکست دیدی۔ چیمسفورڈ میں کھیلے گئے دوسرے ایک روزہ میچ میں بنگلا دیش نے آئرلینڈ کو تین وکٹوں سے شکست دے کر سیریز میں 1-0 کی برتری حاصل کرلی ہے۔ دوسرے ایک روزہ میچ میں بنگلا دیش کی ٹیم نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا، بارش کے باعث میچ 45 اوورز تک محدود رہا اور آئرلینڈ نے پہلے کھیلتے ہوئے 6 وکٹوں کے نقصان پر 319 رنز بنائے۔ آئرلینڈ کی جانب سے ہیری ٹیکٹر نے 113 گیندوں پر 140 اور جارج ڈوکریل نے 47 گیندوں پر ناقابل شکست 74 رنز بنائے۔ جواب میں بنگلا دیشی ٹیم نے 44.3 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 320 رنز کا مطلوبہ ہدف حاصل کر کے آئرلینڈ کو تین وکٹوں سے شکست دے دی۔

اوریا مقبول جان کی بازیابی کے لیے پٹیشن دائر، کل سماعت ہوگی

ممبئی (سپورٹس نیوز) بھارت کو آئی سی سی ورلڈ کپ، ٹی 20 ورلڈ کپ جتوانے والے سابق کپتان مہندرا سنگھ دھونی ایک بار پھر سرخیوں میں آگئے۔ سماجی رابطے کی سائٹ پر ایک صارف نے مصنوعی ذہانت کے ٹول مڈجرنی کا استعمال کرتے ہوئے کھلاڑیوں کو ہالی ووڈ فلموں کے کرداروں میں تبدیل کر دیا ہے جس کی تصاویر سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہو رہی ہیں۔ صارف نے مصنوعی ذہانت) آرٹیفیشل انٹیلیجنس (کا استعمال کرتے ہوئے سابق بھارتی کپتان مہندرا سنگھ دھونی کی ہالی ووڈ کی مشہور فلم پائریٹس آف دی کیریبین کے کردار جیک اسپرو میں بدل دیا، جس کو دیکھ کر مداح حیران رہ گئے۔ جان ملور نامی ایک صارف نے دھونی اور کوہلی کی تصویریں شیئر کیں اور لوگوں کی توجہ حاصل کی۔ قبل ازیں پرتگال کے اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو کی مصنوعی ذہانت کا استعمال کرتے ہوئے افطار بنانے کی تصویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تھی، ڈیجیٹل آرٹسٹ نے دبئی کی ایک فوڈ اسٹریٹ پر کرسٹیانو رونالڈو کو ایک اسٹریٹ فوڈ فروش کے طور پر دکھایا تھا۔ قبل ازیں پرتگال کے اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو کی مصنوعی ذہانت کا استعمال کرتے ہوئے افطار بنانے کی تصویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تھی، ڈیجیٹل آرٹسٹ نے دبئی کی ایک فوڈ اسٹریٹ پر کرسٹیانو رونالڈو کو ایک اسٹریٹ فوڈ فروش کے طور پر دکھایا تھا۔

گرانٹ بریڈ برن پاکستان کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ مقرر

نیوزی لینڈ کے خلاف ٹی 20 سیریز 2-2 سے برابر رہی تھی



لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان کرکٹ بورڈ نے گرانٹ بریڈ برن کو دو سال کے لیے پاکستانی کرکٹ ٹیم کا ہیڈ کوچ مقرر کر دیا۔ گرانٹ نریڈ برن نے نیوزی لینڈ کے خلاف حالیہ سیریز میں کنسلٹنٹ کے طور پر ذمہ داری نبھائی تھی، یہ ون ڈے سیریز پاکستان نے چار ایک سے جیتی تھی پاکستانی ٹیم چوتھا میچ جیت کر عالمی ون ڈے رینکنگ میں پہلے نمبر پر آ گئی تھی۔ نیوزی لینڈ کے خلاف ٹی 20 سیریز 2-2 سے برابر رہی تھی۔ گرانٹ بریڈ برن اس سے قبل 2018 سے 2020 تک پاکستانی ٹیم کے فیلڈنگ کوچ رہ چکے ہیں۔

مشیر کھیل پنجاب وہاب ریاض کی ہاکی اولمپئن زاہد شریف سے ملاقات

لاہور (سپورٹس نیوز) پنجاب کے مشیر کھیل وہاب ریاض نے ہاکی اولمپئن زاہد شریف سے ملاقات کی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ملاقات میں مشیر کھیل وہاب ریاض نے کہا کہ کھیلوں سے منسلک تمام ہیروز ہمارے ملک کی شان اور پہچان ہیں، زاہد شریف صاحب نے ملک کا نام عالمی سطح پر روشن کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب سپورٹس انڈومنٹ فنڈ میں ویٹرنز کے لیے خصوصی پیکج موجود ہے، پنجاب حکومت کی جانب سے ان کے لیے ماہانہ 35 ہزار روپے وظیفے کا اعلان کیا ہے۔

ایشیا کپ کے بائیکاٹ کی صورت میں پاکستان کرکٹ بورڈ نے پلان بی تیار کرلیا

لاہور (سپورٹس نیوز) چیئرمین پی سی بی مینجمنٹ کمیٹی نجم سیٹھی نے کہا ہے کہ ایشیا کپ کے بائیکاٹ کی صورت میں 3 ملکی سیریز کھیلیں گے۔ غیر ملکی میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے چیئرمین پی سی بی نجم سیٹھی نے کہا کہ 3 ملکی سیریز کیلئے تیاریاں شروع کر دی ہیں، 3 ملکی سیریز میں انگلینڈ یا کسی اور ٹیم کو دعوت دینی ہے یا نہیں ابھی نہیں بتا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ ایشیا کپ کے وینیو کا فیصلہ پاکستان نے کرنا ہے کیونکہ ہم میزبان ہیں، منتظر ہوں کہ میرے دوست جے شاہ مسکرا کر کہیں ہائبرڈ ماڈل پر کوئی مسئلہ نہیں۔ نجم سیٹھی کا مزید کہنا تھا کہ ایشیا کپ پر ڈیڈ لاک کو ختم کرنے کیلئے ہر ممکن کوشش کی ہے۔

PAKISTAN CRICKET BOARD

پاکستانی خاتون کوہ پیما نائلہ کیانی نے مانٹ ایورسٹ سر کرلیا

اسلام آباد (شوبز نیوز) پاکستانی خاتون کوہ پیما نائلہ کیانی نے دنیا کی بلند ترین چوٹی مانٹ ایورسٹ کو سر کر کے ایک بار پھر اہم اعزاز اپنے نام کر لیا۔ نائلہ کیانی دنیا کی بلند ترین چوٹی سر کرنے والی دوسری پاکستانی خاتون جبکہ رواں سال 2023 میں مانٹ ایورسٹ سر کرنے والی پہلی بین الاقوامی کوہ پیما ہیں۔ نائلہ کیانی نے اپنے انسٹاگرام اکانٹ پر پوسٹ میں بتایا کہ 14 مئی کی صبح 8 بج کر 2 منٹ پر وہ شرپا پاسنگ ٹمبا کے ہمراہ 8849 میٹر بلند مانٹ ایورسٹ کی چوٹی پر پہنچیں۔ گزشتہ ماہ اپریل میں نائلہ کیانی نے پاکستانی کوہ پیما شہروز کاشف کے ہمراہ نیپال میں واقع آٹھ ہزار 91 میٹر بلند چوٹی انا پورنا کو سر کیا تھا۔ نائلہ کیانی واحد پاکستانی خاتون کوہ پیما ہیں جو دو سال کے عرصے میں 8 ہزار میٹر سے بلند پانچ چوٹیاں سر کرنے کا اعزاز حاصل کر چکی ہیں۔

34 ویں نیشنل گیمز کے مقابلے جاری، مشعل آج کوئٹہ پہنچے گی

کوئٹہ (سپورٹس نیوز) 34 (ویں نیشنل گیمز کے مقابلے جاری ہیں، نیشنل گیمز کی مشعل آج لاہور سے کوئٹہ پہنچے گی۔ 34 ویں نیشنل گیمز کی مشعل لاہور سے سہ پہر 3 بجکر 30 منٹ پر کوئٹہ ایئرپورٹ پہنچے گی، مشعل سابق اولمپین اور پاکستان ہاکی ٹیم کے سابق کپتان شکیل عباسی وصول کریں گے۔ مشعل کو ایئرپورٹ پہنچنے کے بعد ایوب اسٹیڈیم پہنچائی جائے گی، 34 نیشنل گیمز کی مشعل کے سفر کا آغاز کراچی سے ہوا تھا جو اسلام آباد، پشاور، مظفر آباد اور لاہور سے ہوتی ہوئی کوئٹہ پہنچ رہی ہے۔

ایشیا کپ ہوگا یا نہیں؟ فیصلہ کل سنایا جائے گا

تین ملکی کرکٹ سیریز کی ممکنہ ٹیموں کے پتے ابھی شو نہیں کروں گا، نجم سیٹھی

لاہور (سپورٹس نیوز) ایشین کرکٹ کونسل) اے سی سی (کی جانب سے ایشیا کپ کے حوالے سے حتمی فیصلہ کل سنایا جائیگا۔ غیر ملکی میڈیا کو انٹرویوز میں نجم سیٹھی نے کہا ہے کہ ایشیا کپ کی میزبانی کیلیے امید کا دامن نہیں چھوڑا اگر ایسا ممکن نہیں ہوتا تو اس کیلیے بھی تیار رہنا ہوگا، اے سی سی نے پیر تک حتمی جواب دینے کا کہا ہے، میں نے بورڈ میں اپنی ٹیم سے کہہ دیا کہ اگر ایونٹ پاکستان کے بغیر ہو تو اس دوران متبادل مصروفیت کے طور پر 3 ملکی سیریز کا اہتمام کریں۔ انہوں نے کہا کہ ابھی انگلش بورڈ سے بات نہیں ہوئی مگر 2 مہمان ٹیمیں کون سی ہوں گی ابھی پتے شو نہیں کروں گا، امید کرتا ہوں کہ ایسا کرنے کی ضرورت پیش نہیں آئے گی اور ایشیا کپ میں تمام ٹیمیں شریک ہوں گی۔ ایک سوال پر انھوں نے کہا کہ پاکستان میں سابق وزیراعظم عمران خان کی احتجاجی تحریک 6 ماہ سے چل رہی ہے، اس دوران آسٹریلیا، انگلینڈ اور نیوزی لینڈ کی ٹیمیں آ کر کھیل چکیں۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس
16 مئی 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلو کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 16 مئی 2023 صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، جی او آر، I-11/1 & I-11/3، میٹرو، انگوری، این سی پی، منگیال، شاہدرہ، شاہ پور، خیابان اقبال، پیر سوہاوہ، قائداعظم یونیورسٹی، پنجاب ہاؤس، بری امام، منڈالہ، اتھال، این آئی ایچ فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، آر سی آئی-I، II، III، IV & V، چوک پنڈوری، سہالہ، آئی ایس ٹی، نیو رواٹ، شاہ پور، ڈھوک نجو، چہان، چونترہ، راجڑ، چکری، ایس پی ڈی، ایس پی ایف، کہوٹہ سٹی-II، حنیف شہید، آرمی فلیٹس، آر اے بازار، اسلام آباد فیڈ مل، جھٹہ ہتھیال، بسالی، پنڈ جاتلہ، لیب-I&II، ریلائنس ویونگ مل، انڈسٹریل، بھل، جرار کیمپ فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، کیانی روڈ، تینچ بھاٹہ، ڈھوک چوہدریاں فیڈرز، جہلم سرکل، گرمالہ، سنگھوئی، چوٹالہ، ڈومیلی، ممتاز شہید، کرنل اکرم، دینہ سٹی، ریاض شہید فیڈرز، چکوال سرکل، مورت، بشارت فیڈرز، صبح 08:00 بجے تا دن 01:00 بجے تک، اٹک سرکل، شادی خان، سرکہ، شمس آباد، غور غشتی، بارہ زئی، مسکین آباد، شاہ دیر، ریڈیو پاک-1&2، لارنس پور، قاضی آباد، جی بی ایچ پی کالونی فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

متحد ہے اور وہ اپنی ٹیم کے ہمراہ الیکشن کمیشن کے ممبران کو بریفنگ کیلئے تیار ہیں۔

بقیہ 2

چکے ہیں۔عمران خان کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے مسلم لیگ)ن (کی رہنما مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ عوام تمہاری دہشتگردی، ملک دشمنی کا حصہ بننے کو تیار نہیں ہیں، عمران خان کسے تیار رہنے کو کہہ رہے ہیں، دہشتگرد، مسلح جتھے اور غنڈے تو قانون کے مطابق گرفتار ہیں، عمران خان کسے آواز دے رہے ہو؟۔انہوں نے کہا شہیدوں کی یادگاروں کی بے حرمتی کرنے والے تو گرفتار ہو چکے ہیں، کسے آواز دے رہے ہو، حساس سرکاری عمارتوں پر حملے کرنے والے دہشت گرد تو گرفتار ہیں، مساجد، سکولوں، مویشی منڈیوں اور مریضوں کو سڑک پر اتار کر ایمبولینسز کو جلانے والے گرفتار ہیں، اب کس کو آوازیں دے رہے ہو؟۔

بقیہ 3

کی نگرانی میں نواز شریف کا کیس چلایا گیا تھا، ایک سینئر سیاست دان کو عمر بھر کے لیے نا اہل کیا گیا ہے، نواز شریف، یوسف رضا گیلانی کے لیے الگ قانون ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ ہمارے خلاف جو کیس ہیں ان کی کوئی حیثیت نہیں، میں نے 100 تفتیشیں بھگتی ہیں، ریمانڈ اور جیل کاٹی ہے، ہم روئے دھوئے نہیں۔شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ آج عوام کا انصاف کے نظام سے یقین اٹھ گیا ہے، بدنصیبی ہے کہ آج ہمارا ملک اس حالت کو پہنچا ہے، جناح ہاس پر حملہ ہوا تو کوئی سو موٹو نوٹس نہیں لیا گیا۔

بقیہ 4

خواجہ آصف نے کہا کہ عدلیہ میں ایک گروہ ہے وہ فیصلے نہیں سیاست کر رہا ہے، عدلیہ کی روایات اور حدود کی پامالی ہو رہی ہے، چار تین کا فیصلہ آیا ہوا ہے اور اس کی خلاف ورزی کی گئی ہے، ایک فرد واحد اپنے فیصلے مسلط کر رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ عمران خان کو ریلیف دے کر ایک فتنے کو ہوا دی گئی، آپ ایک ملزم کو کہیں وِش یو گڈ لک، آپ کس قسم کے منصف ہیں، آپ انصاف کرنے کیلئے بیٹھے ہیں یا لوگوں کو دعا دینے، تعویز دینے کیلئے نہیں بیٹھے، اب وقت آ گیا ہے اپنے آئینی اختیارات کا استعمال کریں، مخصوص ججوں کے خلاف ریفرنس دائر کیا جائے۔وزیر دفاع کا کہنا تھا کہ عدلیہ کے جتھے آئین کی خلاف ورزی نہیں ان کی پشت پناہی کر رہے ہیں جنہوں نے جناح ہاس پر حملہ کیا، پارلیمنٹ چیف جسٹس کے مس کنڈکٹ کا جائزہ لے، آئین کے مطابق جو کارروائی درج ہے اس پر عمل ہونا چاہیے، آئین کے آرٹیکل 209 کے تحت جج کے خلاف ریفرنس دائر کیا جائے جب کہ ایک کمیٹی بنائی جائے جو 4لاکھ زیرالتوا کیسز کا جائزہ لے۔انہوں نے کہا کہ عدلیہ نے آئین کی ہیت بدل دی، پنجاب میں حکومت کو اسی بنچ میں گھر بھیج دیا تھا، عدلیہ کے ججز کا نام لینا معیوب سمجھتا ہوں مگر ان لوگوں نے مجبور کر دیا ہے، 4لاکھ مقدمے پینڈنگ ہیں اور یہ فرمائشی پروگرام شروع کر دیتے ہیں، عدلیہ اپنے اختیارات سے تجاوز کر رہی ہے۔

بقیہ 5

پہلے الیکشن کمیشن نے بتایا تھا، آج تو الیکشن کمیشن نے سپریم کورٹ کے دائرہ اختیار پر سوال اٹھا دیا ہے، نظرثانی درخواست پر نوٹس جاری کر دیتے ہیں۔چیف جسٹس نے الیکشن کمیشن کے وکیل سے استفسار کیا کہ آپ کو دلائل کیلئے کتنا وقت چاہیے، جس پر الیکشن کمیشن کے وکیل نے جواب دیا کہ مجھے دلائل کیلئے 3 سے 4 گھنٹے چاہئیں۔چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ ہم تمام فریقین کو سنیں گے، یہ ایک نظرثانی درخواست ہے اس میں تیاری کیلئے کتنا وقت چاہیے۔اس دوران پی ٹی آئی کے وکیل علی ظفر روسٹرم پر آ گئے، ان کا کہنا تھا کہ اس معاملے میں 2 احکامات ہیں، اس وقت ملک کی آدھی آبادی نمائندگی کے بغیر ہے، عدالت اس وقت اپنے احکامات پر عمل کیلئے حکم جاری کرے۔انہوں نے مزید کہا کہ نظرثانی کا دائرہ محدود ہوتا ہے، نظرثانی درخواست میں نئے نکات نہیں اٹھائے جا سکتے۔عدالت نے جو حکم دیا ہے وہ حتمی ہے: چیف جسٹسچیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ درخواست قابل سماعت ہونے پر الیکشن کمیشن کا مقف سننا چاہتے ہیں، صوبائی حکومتوں کو بھی نوٹس جاری کر کے سنیں گے، دیگر سیاسی جماعتوں کو بھی نوٹس جاری کریں گے، عدالتی حکم پر عملدرآمد کرایا جائے، عدالت نے جو حکم دیا ہے وہ حتمی ہے۔ دریں اثنا عدالت نے وفاق، پنجاب، خیبر پختونخوا اور سیاسی جماعتوں سمیت تمام فریقین کو نوٹس جاری کر دیئے۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے ریمارکس دیئے کہ ہمارے پاس کل اہم کیس کی سماعت ہے، کیوں نہ یہ سماعت اگلے ہفتے تک ملتوی کر دیں، ادارے سیریس تھریٹس کے اندر ہیں، میرا مشورہ ہے پرامن ماحول کیلئے کردار ادا کریں، آج دیکھ لیں، حکومت بے بس ہے، لوگ گیٹ پھلانگ رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ عدالتی دائرہ اختیار کا نکتہ بھی الیکشن کمیشن نے نہیں اٹھایا تھا، وفاقی حکومت یہ نکتہ اٹھا سکتی تھی لیکن انہوں نے نظرثانی درخواست دائر ہی نہیں کی۔پی ٹی آئی کے وکیل علی ظفر نے کہا کہ اب مذاکرات ختم کر کے بات آئین کی عملداری پر آ گئی ہے، ہماری مذاکراتی ٹیم کے دو فریق گرفتار ہو چکے ہیں۔اٹارنی جنرل نے کہا کہ میں ہی وہ پہلا شخص تھا جس نے مذاکرات کی بات کی، مذاکرات بالکل ہونے چاہئیں، دونوں جانب سلجھے ہوئے لوگ ہیں۔چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ اٹارنی جنرل صاحب آپ مذاکرات دوبارہ کیوں شروع نہیں کرا سکتے؟ جس پر اٹارنی جنرل نے جواب دیا کہ حکومت نے سنجیدگی سے مذاکرات میں حصہ لیا تھا، مذاکرات تحریک انصاف نے ختم کئے تھے۔چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ آئین سیاسی حقوق کا ضامن ہے، ہمیں سیاسی معاملات میں نہیں جانا، نہ ہی کچھ سننا چاہتے ہیں، امید کرتے ہیں مذاکرات دوبارہ شروع ہوں گے اور کوئی حل نکل آئے گا، اٹارنی جنرل صاحب آپ کو آگے آنا ہوگا، اپنے مکل کو بتا دیں، ہم دونوں فریقین سے امید رکھتے ہیں کہ ماحول بہتر ہوگا۔دوران سماعت پی ٹی آئی کی جانب سے وکیل علی ظفر نے کہا کہ پچھلے ہفتے نام کی جمہوری حکومت نے سابق وزیراعظم کو احاطہ عدالت سے گرفتار کیا، اس پر اٹارنی جنرل نے کہا کہ آپ یہ بھی دیکھیں کہ اس کے بعد کیا کیا ہوا ہے، گرفتاری کے معاملے کو عدالت نے درست قرار دیا تھا۔ مذاکرات دوبارہ شروع کریں: چیف جسٹس چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ مذاکرات دوبارہ شروع کریں، جو بیانیہ دونوں جانب سے بنایا جا رہا ہے اس کو حل کریں، علی ظفر درست کہہ رہے ہیں کہ بال حکومت کے کورٹ میں ہے، حکومت مذاکرات کی دعوت دے تو علی ظفر بھی اپنی قیادت سے بات کریں۔انہوں نے اپنے ریمارکس میں مزید کہا کہ ملک میں کاروبار کا پہیہ رک گیا ہے، موٹروے پر سفر کیا کچھ نظر نہیں آیا کیونکہ لوگوں کا کاروبار ختم ہو چکا ہے، سپریم کورٹ پاکستانی عوام کے حقوق کے دفاع کیلئے موجود ہے، بنیادی حقوق کے نفاذ کیلئے امن ہونا ضروری ہے۔چیف جسٹس کا کہنا تھا کہ معیشت منجمد ہے، لوگ باہر نہیں نکل رہے چپ ہو کر بیٹھ گئے ہیں، باہر شدید پرتشدد ماحول ہے، اگر تفریق زدہ معاشرہ ہوگا تو انتخابات کے نتائج کون قبول کرے گا؟ میرا پیغام ہے کہ دونوں جانب سے اخلاقیات کے اعلی معیار کو قائم کیا جائے۔ چیف جسٹس نے اپنے ریمارکس میں کہا کہ آپ کو کیا لگتا ہے عدالت بھول گئی ہے کہ 90دن کی میعاد آئین کی بنیاد ہے؟ ہمیں سیاست کے بارے میں نہیں معلوم اور نہ جاننا چاہتے ہیں، ہم سمجھتے ہیں کہ آئین میں موجود بنیادی حقوق پر کیسے عمل ہوگا، اس وقت بال اٹارنی جنرل آپ کی کورٹ میں ہے، علی ظفر یہاں کے بارے میں اپنی قیادت کو آگاہ کریں گے۔ چیف جسٹس نے واضح کیا کہ عدالت اس نظر ثانی کیس میں جلدی سے درخواست پر سماعت نہیں چاہتی، ہم یہاں عوام کے حقوق کے تحفظ کیلئے بیٹھے ہیں، ان کے حقوق کا تحفظ ہوگا تو لوگ خوشحال ہوں گے، میں نے کل دیکھا کہ موٹرویز خالی پڑے ہیں، معیشت کی حالت خراب ہو رہی ہے، اس صورتحال میں لوگوں کا نقصان ہو رہا ہے۔اس دوران پی ٹی آئی کے وکیل علی ظفر نے کہا کہ میں اس کیس میں جو دلائل دوں گا وہ سیاسی نہیں ہوں گے۔اس پر چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ آپ اپنی قیادت کو بتائیں کہ پولرائزڈ سوسائٹی میں کیسے انتخابات ہوں گے، آپ سب کو ہائی مورال گرانڈ پیدا کرنا ہوگا، 90دن میں انتخابات بنیادی معاملہ ہے، آپ کو علم ہے نا؟ اٹارنی جنرل نے استدعا کی کہ ممکن ہو تو پیر کے روز سماعت رکھ لیں، تاہم عدالت نے کیس کی مزید سماعت 23 مئی تک ملتوی کر دی۔ واضح رہے کہ رواں ماہ 4 مئی کو الیکشن کمیشن نے پنجاب میں 14 مئی کو انتخابات کے انعقاد کو ناممکن قرار دیتے ہوئے حکم پر نظرثانی کیلئے سپریم کورٹ میں درخواست دائر کر دی تھی۔قبل ازیں چیف جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے 3رکنی بنچ نے پنجاب میں 14 مئی کو انتخابات کروانے کا حکم دیا تھا۔

بقیہ 6

گیا، اس کے علاوہ تنظیمی معاملات اور موجودہ ملکی سیاسی صورتحال پر بھی غور کیا گیا۔چودھری سرور نے کہا کہ جس طرح افواج پاکستان کی املاک کو نقصان پہنچایا گیا اس طرح تو صرف دہشتگرد تنظیمیں کرتی رہی ہیں، شرپسند عناصر کی جانب سے جناح ہاؤس، جی ایچ کیو اور پبلک پرائیویٹ املاک کو نقصان پہنچانا کسی صورت قبول نہیں، شرپسندوں نے طالبان اور بی ایل اے کے دہشت گردوں جیسی کارروائیاں کی۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے چودھری شافع حسین نے کہا کہ افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کیلئے بھرپور ریلی نکال رہے ہیں، ریلی میں محب وطن پاکستانی اور پاکستان مسلم لیگ کے کارکن کثیر تعداد میں شریک ہوں گے، پارٹی کی تنظیم سازی میرٹ کی بنیاد پر کی جا رہی ہے۔

بقیہ 7

ہاس لاہور میں توڑ پھوڑ اور جلاگھیرا کرنے والے 340 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ جناح ہاؤس لاہور، جی ایچ کیو راولپنڈی، ایم ایم عالم ائیرفورس بیس میانوالی، موٹروے، سرکاری اور نجی عمارتوں پر حملہ کرنے والے، گاڑیاں اور عمارتیں جلانے والے قانون کے شکنجے میں آنے لگے اور شرپسندوں کو ڈھونڈ ڈھونڈ کر گرفتار کرنے کا عمل ہر گزرتے لمحے تیز ہونے لگا۔جی ایچ کیو راولپنڈی پر حملے میں ملوث 70 سے زیادہ افراد پکڑے گئے جب کہ ڈنڈے اور پتھر برسانے والوں کی تصویریں بھی جاری کی گئی ہیں، تصاویر، ویڈیوز اور سوشل میڈیا اکاؤنٹس سے شرپسندوں کی شناخت کی گئی۔دوسری جانب کور کمانڈر ہاؤس لاہور سے کور کمانڈر کی وردی لے جانے والے ملزم کو بھی گرفتار کرلیا گیا ہے

بقیہ 8

صدر سعیدین خان ایڈووکیٹ نے اپنے مشترکہ بیان میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ قبلہ اول مسجد اقصیٰ کی بے حرمتی اور مظلوم فلسطینیوں پر اسرائیلی جارحیت کو امت مسلمہ کسی صورت برداشت نہیں کرے گی فلسطینی مسلمانوں پر اسرائیلی مظالم اب حد سے بڑھ گئے ہیں مقبوضہ فلسطین اور مسجد اقصیٰ میں اسرائیل نے ظلم و بربریت کا بازار گرم کر رکھا ہے۔اسرائیل کے حالیہ آئے روز فلسطینیوں پر بمباری اور ان کا قتل عام اور حملوں میں بڑی تعداد میں بوڑھے بچے اور خواتین بھی بڑی تعداد میں زخمی ہوتے ہیں۔ بین الاقوامی طاقتوں اور اقوام متحدہ نے دوہرا معیار اپنا رکھا ہے۔انہوں نے کہا کہ یوکرین پر روسی حملے کے وقت چیخنے چلانے والوں کو فلسطین میں اسرائیلی ظلم وستم پر سانپ سونگھ گیا ہے۔ بین الاقوامی طاقتیں اور اقوام متحدہ دوہرا معیار چھوڑ دیں، اقوام متحدہ میں غیر مسلموں کے معاملے جلد حل ہو جاتے ہیں لیکن مسلمانوں کے مسائل پر خاموشی چھا جاتی ہے۔ مسلمانوں کا مزید خون بہانا بند کیا جائے مسلمان حکمرانوں کو حکومت اللہ نے دی ہے لیکن وہ فلسطین کے مسلمانوں کے معاملے پر خاموش ہیں، حکمران جہاد کا راستہ اپنائیں فلسطین کے مسلمانوں کے ساتھ یہودیوں کا کردار شدید قابل مذمت ہے فلسطین پر اسرائیلی جارحیت نا قابل برداشت ہے۔ مسلمانوں کی نا اتفاقی نے کافروں کو شیر بنا دیا ہے، امت مسلمہ کا اتحاد وقت کی اہم ضرورت ہے۔ مسلمان متحد نہ ہوئے تو دشمن طاقتیں ایک ایک کر کے مسلمانوں کا خاتمہ کریں گی پاکستانی قوم فلسطینی بھائیوں کے ساتھ کھڑی ہے فلسطینیوں کو کسی صورت تنہا نہ چھوڑیں گے

بقیہ 9

ملک کے موجودہ حالات پر غور کیا گیا، 9 مئی کو شرپسندوں کی جانب سے جلا گھیرا اور فوجی تنصیبات پر حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی، شرکا نے بتایا کہ آرمی کے رینک اور فائل میں عسکری تنصیبات کو نقصانات پہنچانے پر شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے۔کور کمانڈرز کانفرنس میں آرمی تنصیبات پر حملہ کرنے والے افراد کو پاکستان آرمی ایکٹ اور آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت ٹرائل کے ذریعے انصاف کے کٹہرے میں لانے کا فیصلہ کرتے ہوئے کہا گیا کہ نا قابل تردید شواہد کی بنیاد پر افواج پاکستان ان حملوں کے منصوبہ سازوں، اکسانے والوں اور ان کی حوصلہ افزائی کرنے والے مجرموں سے بخوبی واقف ہیں۔خصوصی کانفرنس میں گزشتہ دنوں کے دوران امن وامان کی صورتحال کا بھی جائزہ لیا گیا، ایک سیاسی جماعت کی قیادت نے محض سیاسی مفادات کیلئے لوگوں کو استعمال کیا، کسی بھی حلقے کی جانب سے قیام امن وامان میں رکاوٹ ڈالنے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹنے کا فیصلہ کیا گیا۔کانفرنس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ شہدا کی یادگاروں کی بے حرمتی، تاریخی عمارتوں کو نذر آتش کرنے اور فوجی تنصیبات کی توڑ پھوڑ ایک منصوبے کے تحت عمل کرایا گیا تا کہ ادارے کی بدنامی ہوسکے، یہ سارا عمل ایک ذاتی سیاسی ایجنڈے کے حصول کیلئے تھا۔آرمی چیف نے معاملے پر فوجی فارمیشنز کی جانب سے تحمل اور پختہ ردعمل کو سراہتے ہوئے کہا کہ کسی بھی ایجنڈے کے تحت فوجی تنصیبات اور مقامات پر حملہ کرنے والوں کے خلاف کوئی رعایت نہیں برتیں گے، کانفرنس کے شرکا نے بیرونی طور پر سپانسر شدہ اور اندرونی سہولت یافتہ عناصر کے منظم پراپیگنڈے پر بھی شدید تشویش کا اظہار کیا۔شرکا نے اتفاق کیا کہ شرمناک پراپیگنڈے کا مقصد مسلح افواج اور پاکستان کی عوام کے درمیان خلیج جبکہ مسلح افواج کے رینک اینڈ فائل کے اندر دراڑ پیدا کرنا ہے، دشمن قوتوں کے شیطانی پراپیگنڈے کو عوام کی حمایت سے شکست دی جائے گی، افواج پاکستان عوام کی بھرپور حمایت سے پاکستان کے دشمنوں کے ایسے تمام مذموم عزائم کو ناکام بنائے گی۔

بقیہ 10

بزدار کا ذاتی گھر اور پلاٹ 14 کنال اراضی تھا لیکن وزیراعلیٰ بننے کے بعد دو کنال سرکاری اراضی کو ذاتی گھر کا حصہ بنا لیا گیا سرکاری اخراجات سے واٹر سپلائی بور، پانی والی ٹینکی تعمیر اور جنریٹر سرکاری خزانے سے لیا گیا۔قبل ازیں، اینٹی کرپشن نے 12 مئی کو طلب کیا مگر پیش نہ ہوئے۔

بقیہ 11

مار اور جلاگھیرا کے لیے اکسانے میں اہم کردار تھا، ایس ایچ او ورکرز کو اکسانے والے سابق ایم پی اے کو گرفتاری سے بچانے کے لیے فونز بند کرنے کا کہتے رہے۔ مقدمے کے مطابق ایس ایچ او فواد علی سابق ایم پی اے ملک واجد کو دیگر معلومات دینے میں بھی ملوث پائے گئے، ایس ایچ او کے خلاف سب انسپکٹر حسن علی کی مدعیت میں تھانا گلبرگ میں مقدمہ درج کیا گیا۔ دوسری جانب، تحریک انصاف کے ایم پی ایز اور سابق وزرا کی عدم گرفتاری پر خیبر پختونخوا پولیس نے مزید دو افسران کی تحقیقات شروع کر دیں۔سینئر پولیس افسر کے مطابق دونوں افسران نے اپنے زیر استعمال فون نمبروں کے بجائے دوسرے موبائل نمبرز سے کالز کیں، اسپیشل برانچ کو معاونت دینے والے افسران کی تحقیقات کا حکم دیا ہے۔

بقیہ 12

طرف روانہ ہوگئے ہیں۔سپریم کورٹ کے باہر پولیس اور ایف سی نفری تعینات کی گئی ہے، پولیس اور ایف سی نے شاہراہ دستور کو دونوں اطراف سے بند کر دیا۔ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کے مطابق وفاقی دارالحکومت میں دفعہ 144 نافذ ہے۔دوسری جانب وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں حکمران جماعتوں کے اتحاد پی ڈی ایم کے سپریم کورٹ کے سامنے احتجاج کے اعلان پر ضلعی انتظامیہ اور پولیس نے خدشات کا اظہار کر دیا ہے۔وفاقی دارالحکومت کی انتظامیہ کی جانب سے وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ کو خدشات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ سپریم کورٹ کے باہر عوام کے بڑے مجمعے کے جمع ہونے سے سیکیورٹی خدشات ہوں گے کیوں کہ احتجاج کے باعث شرپسند عناصر مجمعے کی آڑ میں ریڈ زون میں داخل ہوسکتے ہیں جب کہ ریڈ زون میں اہم سرکاری عمارتیں اور سفارت خانے موجود ہیں۔یہاں قابل ذکر بات یہ ہے کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں پاکستان تحریک انصاف کے احتجاجی مظاہرے کے وقت دفعہ 144 اور دفعہ 245 نافذ کی گئی تھی، جس کے بعد سے ریڈ زون میں پولیس، ایف سی اور رینجرز کے جوان تعینات ہیں جب کہ دفعہ 245 کے تحت اہم عمارتوں کے باہر پہلے ہی فوج تعینات کی گئی ہے۔بتاتے چلیں کہ حکمران اتحاد پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ نے سپریم کورٹ کے باہر عوامی ریلی کیلئے ضلعی انتظامیہ سے اجازت طلب کی ہے۔

بقیہ 13

آ کر سلیکٹڈ راج قائم کیا، گزشتہ حکومت میں آئی ایس آئی کو مخالفین کے لیے استعمال کیا گیا، ہم اصولی طور پر کسی الیکشن کے خلاف نہیں ہیں، ہم سمجھتے ہیں اس کا مقابلہ نیب نہیں الیکشن کے ذریعے ہوگا۔بلاول بھٹو نے کہا کہ اگر ہم ہمت پکڑتے ہیں تو یہ الیکشن ہار جائے گا، اگر آپ مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہیں تو یہ الیکشن ہار سکتا ہے، ہم نے آمروں کا مقابلہ کیا ہے، ہم پارلیمان کو بچائیں گے اور اس فتنہ کا بندوبست کریں گے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کا مسئلہ خان نہیں، اس وقت عوام مشکل معاشی حالات سے گزر رہے ہیں، حکومت کبھی اسلام آباد، کبھی لاہور جناح ہاس کی آگ بجھا رہی ہوتی ہے، وقت آ گیا ہے تحریک انصاف کے پاس آخری موقع ہے، دہشت گردی کے واقعات کی مذمت کرے۔وزیر خارجہ نے کہا کہ ملک میں عدم استحکام پارلیمان نہیں ہمارے ہمسایہ ادارے کی وجہ سے ہے، اس سیاسی بحران سے نکلنے کے لیے جو بھی کرنا ہے ہم تیار ہیں۔بلاول بھٹو نے کہا کہ شرجیل میمن کو سپریم کورٹ، آغا سراج درانی کو اسپیکر ہاس سے گرفتار کیا گیا، کرپشن کیس میں عمران خان کی گرفتاری تو ہونا تھی، عمران خان کو خصوصی رعایت دی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ عمران خان نے حراست میں صرف ایک رات گزاری، عمران خان کی گرفتاری پر جلا گھیرا کیا گیا، کیا جناح ہاس نذر آتش کرنے پر کسی سے اظہار یکجہتی کیا گیا، عمران خان کی گرفتاری کا مقام غلط لیکن گرفتاری تو ٹھیک تھی۔وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ عمران خان کی گرفتاری پر پی ٹی آئی نے دہشتگرد تنظیم بن کر ردعمل دیا، عمران خان کو عدالتوں نے خصوصی ریلیف دیا ہے۔وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کا کا کہنا تھا کہ جی ایچ کیو، جناح ہاس پر حملوں کی مذمت کرتا ہوں، کراچی، لاہور، پشاور میں نجی و سرکاری املاک کو نقصان پہنچایا گیا، زندگی میں پہلی بار کور کمانڈر ہاس پر حملہ دیکھا ہے، زندگی میں پہلی بار ہوائی جہاز جلتے دیکھا ہے۔انہوں نے کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو کی شہادت پر جیالوں نے لاہور میں احتجاجا خودسوزی کی، بینظیر بھٹو کی وطن واپسی پر لاکھوں افراد نے استقبال کیا، کوئی سیاسی جماعت پیپلز پارٹی کے لاہور جیسا اجتماع نہیں کرسکی، بینظیر بھٹو کو معلوم تھا ذوالفقار علی بھٹو، شاہنواز بھٹو کا قاتل اسلام آباد میں بیٹھا ہے۔وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی نے سب سے زیادہ لاشیں اٹھائی ہیں، پیپلز پارٹی نے سیاسی مخالفین سے انتقام نہیں لیا، پیپلز پارٹی کو ہر دور میں بدترین سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا گیا، آصف زرداری اور فریال تالپور کی گرفتاریاں کیا تھیں؟ فریال تالپور کو چاند رات کو زبردستی ہسپتال سے جیل بھجوایا گیا۔

بقیہ 14

۔عدالت نے 23 مئی تک بشریٰ بی بی کو گرفتار کرنے سے روک دیا۔ بشریٰ بی بی کی جانب القادر ٹرسٹ کیس میں لاہور ہائیکورٹ میں حفاظتی ضمانت دائر کی گئی تھی، درخواست میں وفاقی حکومت اور نیب کو فریق بنایا گیا۔درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا کہ نیب نے القادر ٹرسٹ کیس میں تحقیقات شروع کر رکھی ہیں، نیب کی تحقیقات غیر قانونی ہیں۔ درخوست میں استدعا کی گئی کہ عدالت القادر ٹرسٹ کیس میں ضمانت منظور کرے۔ بشریٰ بی بی نے اسی کیس میں حفاظتی ضمانت کیلئے عدالت میں پیش ہونے کا فیصلہ کیا ہے، عمران خان کی اہلیہ حفاظتی ضمانت کیلئے لاہور ہائیکورٹ میں پیش ہوں گی، چیئرمین پی ٹی آئی بھی اپنی اہلیہ کے ہمراہ عدالت آئیں گے۔دوسری جانب وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ نے سابق وزیراعظم عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی گرفتاری کی خبروں کی تردید کردی ہے۔رانا ثناء اللہ کا کہنا ہے کہ بشریٰ بی بی کی گرفتاری کی خبروں میں کوئی حقیقت نہیں، عمران خان ضرور گرفتار ہوں گے۔ جبکہ عمران خان نے گذشتہ روز بشریٰ بی بی کی گرفتاری کا خدشہ ظاہر کیا تھا۔ پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نے الزام عائد کیا ہے کہ بغاوت کے قانون کی آڑ میں مجھے 10 برس تک قید کرنے کا منصوبہ ہے۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ میں قید میں تھا تو تشدد کی آڑ میں یہ خود ہی جج، جیوری اور جلاد بن بیٹھے ہیں، اب لندن پلان تو کھل کر سامنے آچکا ہے، جس کے تحت منصوبہ اب یہ ہے کہ بشریٰ بیگم کو زندان میں ڈال کر مجھے اذیت پہنچائیں اور بغاوت کے کسی قانون کی آڑ لے کر مجھے آئندہ 10 برس کیلئے قید کردیں

بقیہ 15

الحسن چوہان کو لیاقت باغ کے قریب نجی ہوٹل کے باہر سے گرفتار کیا گیا۔دوسری جانب پنجاب پولیس نے لال حویلی میں چھاپہ مارا لیکن شیخ رشید کی گرفتاری عمل میں نہیں لائی جاسکی۔شیخ رشید نے اپنے ویڈیو پیغام میں کہا ہے کہ لال حویلی میں ایلیٹ فورس کے سیکڑوں اہلکار داخل ہوئے ہیں، پولیس اہلکار مجھے اور راشد حفیظ کو گرفتار کرنا چاہتے ہیں۔سربراہ عوامی مسلم لیگ نے کہا کہ پولیس نے اسلام آباد میں بھی کارروائی کی ہے، یہ چادر اور چار دیواری کا احترام ہے؟

بقیہ 16

ہوئی عمارت بھی عوام کے لیے کھولی جائے گی۔میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ جگہیں روزانہ 11 تا ایک اور 3 یا شام 6 بجے تک عوام کے لیے کھلی رہیں گی۔دوسری جانب حکومتی اور سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے والے شرپسندوں کے خلاف مزید تنگ کر دیا گیا۔جی ایچ کیو راولپنڈی گیٹ پر حملے میں ملوث شرپسند عناصر کی شناخت کر لی گئی۔شرپسند ملزمان میں راولپنڈی سے افشاں کامران، فاطمہ احسان، شبانہ فیاض، شناخت شرپسندوں میں شامل، عابد ملک اسلام آباد سے، عاصم خورشید کراچی، منیزا احمد چکوال، زاہد علی کان، کاشف خان، محمد عثمان قریشی، پیر زادہ شہباز ناصر اور حماد خان، ابوبکر، عنصر جاوید حملہ کرنیوالوں میں شامل ہیں۔راولپنڈی میں قائم جنرل ہیڈکوارٹر (جی ایچ کیو) پر حملہ اور توڑ پھوڑ کرنے والے ایک اور ملزم کو پولیس نے ویڈیو کی مدد سے شناخت کر کے گرفتار کیا گیا۔ پولیس نے حکومتی اور سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے والے شرپسندوں کی گرفتاری کے لئے چھاپہ مار ٹیمیں تشکیل دیگر گرفتاریاں شروع کردی ہیں۔علاوہ ازیں پرتشدد مظاہروں اور پرتشدد واقعات میں زیادہ تر افغان شہری ملوث ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ویڈیو میں افغان شہریوں کو پولیس اہلکار پرتشدد کرتے دیکھا جاسکتا ہے۔حکومتی نااہلی کے باعث گرفتار افغان شہریوں کا ڈیٹا ہی موجود نہیں، گرفتار افغان شہریوں کے پاس کوئی شناختی دستاویز موجود نہیں ہے جس پر گرفتار افغان شہریوں کے خلاف مقدمہ درج کرنے میں پولیس کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ پولیس اہلکار اپنا موٹر سائیکل چھوڑ کر جان بچانے کے لیے بھاگا، مشتعل افغان شہریوں کی عمریں 18 سے 26 سال ہیں۔

بقیہ 17

متنازعہ ہو چکا ہے۔سپریم کورٹ کے اقلیتی فیصلے میں کہا گیا کہ آئین کی پاسداری کریں گے، کہا گیا کہ 90 دن میں الیکشن ہوں گے۔ سپریم کورٹ کے ججز نے چار تین کا فیصلہ دیا، 4 ججز کے فیصلے کو بلڈوز کر دیا گیا، سپریم کورٹ پاکستان میں انصاف کا آخری مورچہ ہے۔ انہوں نے سوال اٹھاتے ہوتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں انتخابات کیلئے 90 دن کا فیصلہ دیا گیا اور خیبر پختونخوا کیلئے آنکھیں بند کر لی گئیں، کیا آئین پاکستان صرف پنجاب میں نافذ ہوتا ہے؟ قبل ازیں قومی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے اپوزیشن لیڈر راجہ ریاض نے کہا کہ عمران خان کی گرفتاری کے بعد پی ٹی آئی کے تربیت یافتہ لوگ حرکت میں آئے، چیئرمین پی ٹی آئی کو تو سرِ عام پھانسی دے دینی چاہیے تھی۔عمران خان فتنہ اور انتشار ہے، پی ٹی آئی کارکنوں نے جناح ہاؤس سمیت اہم تنصیبات میں جلاؤ گھیراؤ اور توڑ پھوڑ کی۔ قیمتی اثاثوں کو بھی آگ لگانے کی کوشش کی گئی، ان شرپسندوں نے وہ کر دیا جو دشمن نہ کر سکا، ان کیخلاف آرمی ایکٹ کے تحت مقدمات درج ہونے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ آج سب رنجیدہ ہیں اور دل خون کے آنسو رو رہا ہے، میانوالی میں اربوں روپے کے اثاثے ہیں، جہاز کو آگ لگانے کی کوشش کی گئی جبکہ پشاور میں ریڈیو پاکستان کے دفتر کو بھی آگ لگائی گئی۔انکا کہنا تھا کہ ملک کو توڑنے والوں نے وہ کام کیا جس سے قوم کا سر شرم سے جھک گیا

بقیہ 18

طاہر سے 01 پستول 30 بور، ملزم فخر سے خنجر، ملزم خالد سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم وقاص سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ٹیکسلا پولیس نے ملزم افتخار سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم شان سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، چونترہ پولیس نے ملزم شاہ بہادر سے رائفل ڈنگر نما معہ ایمونیشن برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ ہوائی فائرنگ کرنے والوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 19

وتنازع مردم شماری کے حوالے سے ادارہ نورحق میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ ہم نے اسلام آباد کے اجلاس میں بھی یہی بات کی تھی کہ ہمیں 15 دن کی توسیع کی خیرات نہیں چاہیے، ہمارا مطالبہ ہے کہ ہمیں پورا گنا جائے۔گزشتہ 15 دنوں میں صرف 10 لاکھ لوگوں کو شمار کیا گیا ہے۔16 ہزار کے عملے نے ایک لاکھ گھروں کی خانہ شماری کی ہے۔انہوں نے کہا کہ 34 ارب روپے کے بجٹ سے مردم شماری کا کام کیا جارہا ہے اور 16 ہزار کا عملہ 16 ہزار بلاکس کوڈز کی خانہ شماری بھی نہ کرسکا۔کراچی کی ہائی رائز بلڈنگز کی تعداد 38 ہزار ہے، جہاں عملہ گیا ہی نہیں۔ مردم شماری کے عملے نے نارتھ ناظم آباد میں فارم دیے اور چلے گئے۔ایس او پی کے مطابق خانہ شماری ڈیجیٹل ہونا تھی لیکن انہوں نے فارم دیے اور چلے گئے۔حافظ نعیم کا کہنا تھا کہ نارتھ ناظم آباد کے وائس چیئرمین نے فارم بھروا کر عملے کو جمع کروائے لیکن ابھی تک انہیں شمار نہیں کیا گیا۔سندھ حکومت براہ راست ذمے دار ہے کہ کراچی کی مردم شماری کو درست طریقے سے کروایا جائے۔ پیپلز پارٹی کو کراچی، حیدر آباد، سکھر سمیت شہروں کی آبادی کی کوئی فکر نہیں ہے۔جب ہم حقوق کی بات کرتے ہیں تو پیپلز پارٹی اُسے لسانی رنگ دے دیتی ہے۔امیر جماعت کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی کے وزرا آج کراچی کی بات کر رہے ہیں، یہ کراچی میں اپنے جھنڈے نہیں لگا سکتے تھے۔ ہم چاہتے تو الطاف حسین سے سمجھوتا کرلیتے لیکن ہم نے ایسا نہیں کیا۔ بے نظیر الطاف بھائی بھائی کا نعرہ سب کو یاد ہے۔آج بھی ایم کیو ایم پیپلز پارٹی کے ساتھ مل کر کراچی کی مردم شماری میں دھوکا دہی کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ ہمارا واضح اور دوٹوک مطالبہ ہے کہ کراچی میں جو جہاں رہتا ہے خواہ وہ کوئی بھی زبان بولنے والا ہو اُسے گنا جائے۔ 34 ارب روپے لینے والوں کی ذمے داری ہے کہ کراچی کی آبادی کو درست گنا جائے۔15 دن کی توسیع ہو یا 50 دن کی، کراچی کی آبادی کو پورا گنا جائے۔ مردم شماری میں جعل سازی کو کسی صورت قبول نہیں کریں گے۔حافظ نعیم الرحمن نے سوال کیا کہ بلاک کوڈ کی سطح پر ڈیٹا کیوں فراہم نہیں کیا جارہا۔مردم شماری سے وسائل اور سندھ اسمبلی کی نشستوں کا تعین ہوتا ہے۔ پاکستان بننے کے بعد سے آج تک سندھ میں وڈیرہ شاہی نظام مسلط ہے، جو اندرون سندھ کو بھی تباہ کر رہا ہے اور کراچی پر بھی قبضہ کرنے کی سیاست ہو رہی ہے

بقیہ 20

کے بارے میں بھی بریفنگ دی جائے گی۔اجلاس کو اس بات سے بھی آگاہ کیا جائے گا کہ چین کا جی-20 کا بائیکاٹ عالمی برادری بالخصوص جی ٹونٹی ممالک کو یہ باور کرانے کا بہترین موقع ثابت ہوسکتا ہے کہ جموں وکشمیر اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق ایک متنازع علاقہ ہے۔اجلاس کی صدارت کمیٹی کے چیئرمین سینیٹر فاروق ایچ نائیک کریں گے جبکہ اجلاس میں کمیٹی کے اراکین اور متعلقہ حکام شرکت کریں گے

بقیہ 21

فحش ویڈیوز بنا کر سوشل وڈیو پراپ لوڈ کرنے والے ملزم کو 4 سال قید کی سزا سنا دی۔ایڈیشنل سیشن جج احسن محمود ملک نے سزا سنائی جس میں ملزم وقاص ضیاء کو 4 سال قید اور 20 لاکھ روپے جرمانہ کی سزا سنا دی گئی۔مجرم کو اڈیالہ جیل منتقل کر دیا گیا۔ایف آئی اے سائبر کرائم ونگ نے 20 مئی 2022 کو مقدمہ درج کیا تھا

بقیہ 22

کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا پولیس نے بھی پرتشدد واقعات پر گرفتاریاں کی ہیں، پنجاب میں حالات کو دیکھتے ہوئے ایکشن لیا گیا، جناح ہاس پر حملہ خطرناک تھا، تمام واقعات کی جیوفینسنگ کی ہے۔انہوں نے کہا گرفتار افراد کو عدالت میں پیش کیا جائے گا، قانون اپنا راستہ خود بناتا ہے، سیف سٹی کیمروں میں تمام ویڈیو اور شواہد موجود ہیں، ابھی تک 3200 لوگ گرفتار کیے جاچکے ہیں، آئندہ وہی کیا جائے گا جو قانون میں لکھا ہے۔آئی جی پنجاب کا کہنا تھا کہ شرپسند ہمارے مس گائیڈڈ لوگوں، خواتین کی آڑ میں ہنگامہ آرائی کریں یا جلا گھیرا کریں تو ایسے میں پولیس کا گولی چلانا بہت مشکل ہوتا ہے۔

بقیہ 23

سیکرٹری کے عہدوں پر براجمان رہے، اس وقت وہ سیکرٹری ورکس اینڈ سروسز کے عہدے پر براجمان تھے۔ عمران عطا سومرو کے انتقال پر گورنر سندھ کامران ٹیسوری، وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ، صوبائی وزرا شرجیل میمن، ناصر حسین شاہ، سعید غنی اور دیگر نے گہرے دکھ کا اظہار کیا اور مرحوم کے لواحقین سے تعزیت کا اظہار کر کے مغفرت کی دعا کی۔

بقیہ 24

کرجاں بحق ہوئے، جاں بحق تین بچوں میں دو بچے سگے بھائی بھی شامل ہیں۔ تینوں بچے ندی کے قریب کھیلتے ہوئے ڈوب کر جاں بحق ہوئے۔لواحقین کا کہنا ہے بچوں کو ندی سے نکالا تو ان کی سانسیں چل رہی تھیں۔ بروقت اسپتال منتقل کرنے کیلئے ایمبولنس دستیاب نہیں تھی۔ اپنی مدد آپ کے تحت بچوں کو موٹر سائیکلوں پر قریبی اسپتال لے جایا گیا تو وہاں کوئی انتظامات نہیں تھے۔

بقیہ 25

گورنمنٹ اور ڈیجیٹل شناخت کی سہولیات کے بارے میں آگاہ کیا، وفد کی قیادت کینیا اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ کے پرنسپل سیکرٹری نے کی۔طارق ملک نے کہا کہ ملک بھر میں آئی ڈی رجسٹریشن یونیورسل کوریج ایک شاندار کارنامہ ہے، جس پر پرنسپل سیکرٹری اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ کینیا نے کہا کہ آئی ڈی مینجمنٹ اور ڈیجیٹل ایکو سسٹم کو سمجھنے کی کوشش کر رہے ہیں۔چیئرمین نادرا نے بتایا کہ نائجیریا، سوڈان، کینیا اور صومالیا کی حکومتوں کو آئی ڈی رجسٹریشن سسٹم کی معاونت فراہم کر رہے ہیں، نادرا کارڈ پرنٹنگ، نیٹ ورک کمیونی کیشن، انفراسٹرکچر اور سکیورٹی کے شعبوں میں بین الاقوامی سطح پر سرٹیفکیشن حاصل کر چکا ہے۔

بقیہ 26

منظوری دی، بلوچستان حکومت نے فوج کی تعیناتی کیلئے ریکوزیشن بھجوائی تھی، پاک فوج سول انتظامیہ کی مدد کیلئے تعینات ہو گی۔ذرائع کے مطابق وفاقی کابینہ نے سرکولیشن کے ذریعے سمری منظور کر لی، فوج کی تعیناتی کا باضابطہ نوٹیفکیشن وزارت داخلہ جلد ہی جاری کر دے گی۔

بقیہ 27

چھان بین شروع ہوگئی ہے جب کہ مظاہروں میں شریک سرکاری اسکول ٹیچرز کی نشاندہی بھی کر لی گئی ہے۔احتجاج میں شرکت کرنے والے اساتذہ کی نشاندہی کے بعد پرتشدد واقعات میں شامل سرکاری ٹیچرز پر مقدمات درج کیے جائیں گے۔ پولیس حکام کے مطابق سرکاری اسکول ٹیچرز و دیگر سرکاری ملازمین کی نشاندہی ویڈیوز اور سی سی ٹی وی فوٹیجز سے کی گئی ہے۔سرکاری ٹیچرز و ملازمین کی گرفتاری کے لیے پولیس نے چھاپا مار کارروائیاں شروع کردی گئی ہیں، جس کے بعد پی ٹی آئی احتجاج میں شامل سرکاری ملازمین کے نمبرز بند ہیں اور وہ اسکولوں سے غائب ہیں

بقیہ 28

ضرورت کے تحت ختم نہیں کر سکتے۔انہوں نے ایک سوال پر کہا کہ قومی اسمبلی اپنی مدت پوری کر رہی ہے، جہاں تک پنجاب اور کے پی اسمبلیوں کا تعلق وہ ہیں وہ آئین کے تحت تحلیل ہوئیں، آئین کہتا ہے کہ 90 میں انتخابات کرا کروا کرنئی حکومت لائی، اس وقت 53 فیصد عوام کا منتخب نمائندہ ہی نہیں، کتنی دیر یہ چیز برداشت کی جاسکتی ہے کہ ملک آئین کے بغیر چلتا رہے۔علی ظفر نے بتایا کہ گرفتاریاں کے ماحول میں مذاکرات بہت مشکل ہیں، مگر اس کے باوجود ذاتی طور پر سمجھتا ہوں کہ سیاست میں مذاکرات کا دروازہ بند نہیں ہونا چاہیے، مذاکرات بہت ضروری ہیں۔چیف جسٹس پاکستان بھی کہہ چکے ہیں کہ عدالت مذاکرات کی تجویز دے تو سکتی ہے لیکن ہم نے فیصلہ آئین کے مطابق کرنا ہے۔ بیرسٹر علی ظفر کا کہنا تھا کہ الیکشن کمیشن کا 90 روز سے انتخابات آگے لے جانے کا فیصلہ غیر آئینی تھا، 14 مئی کی تاریخ گزر گئی لیکن پنجاب میں انتخابات نہ ہو سکے، الیکشن کمیشن کی نظرثانی درخواست پر آج سپریم کورٹ میں سماعت ہوئی ہے، عدالت سے درخواست کی تھی کہ 14 مئی کو الیکشن ہونے نہ ہونے کی صورت میں آئین کو پامال کیا گیا، عدالت کے 14 مئی کے فیصلے پر عملدرآمد نہیں ہوسکا، اب پنجاب اور خیبر پختونخوا کی نگران حکومتیں غیر آئینی ہیں اور جو وہ اقدامات کر رہے ہیں وہ غیر قانونی ہیں

بقیہ 29

روز ملک بھر میں مسلم لیگ ن کے زیر اہتمام خصوصی تقاریب، سیمینارز اور کانفرنسز کا اہتمام کیا جائے گا جس سے خطاب کے دوران مقررین ایٹمی دھماکوں کے تناظر میں محسن ملک وقوم ڈاکٹر عبدالقدیر خان، ذوالفقار علی بھٹو اور سابق وزیراعظم میاں نواز شریف کے کردار پر تفصیل سے روشنی ڈالیں گے ملک بھر کے تمام شہروں میں مسلم لیگی کارکن ایٹمی قوت بننے کے حوالے سے سالگرہ کے کیک کاٹیں گے اور ریلیاں بھی نکالی جائیں گی جبکہ پاکستان کی سلامتی اور خوشحالی کیلئے خصوصی دعائیں مانگی جائیں گی

بقیہ 30

عامر شدید زخمی ہوگئے ریسکیو اہلکاروں نے زخمیوں اور ڈیڈ باڈی کو تحویل میں لے کر ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا نامعلوم ٹرک ڈرائیور جائے وقوع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا پولیس مصروف تفتیش ہے

بقیہ 31

کو شدید نقصان پہنچا کر تمام حدود کو پار کر دیا۔اس کے علاوہ یادگار چاغی پشاور اور جناح ہاس لاہور کو بھی جلا دیا گیا جو اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ یہ حملہ آور دشمن کے خاص ایجنڈے پر کاربند رہ کر سرکاری اور عسکری املاک کے ساتھ ساتھ اہم یادگاروں کو بھی نقصان پہنچا رہے تھے۔راولپنڈی، لاہور، ایبٹ آباد، میانوالی، سرگودھا، پشاور اور مردان وہ اہم شہر ہیں جہاں فوجی تنصیبات کے ساتھ ساتھ قدیمی یادگاروں کو بھی نقصان پہنچایا گیا، ان تمام شرپسندوں کو قانون کی گرفت میں لا کر قرار واقع سزا دلوائی جائیگی تا کہ آئندہ کوئی بھی شخص اپنے ذاتی وسیاسی مفاد کی آڑ میں ایسے شرمناک اقدام نہ اٹھا سکے۔

بقیہ 32

ضمانت میں توسیع کی جائے، عدالت نے استدعا مسترد کرتے ہوئے 3 دن کیلئے عبوری ضمانت میں توسیع کر دی۔ پیر کو عدالت نے حاضری سے استثنی کی درخواست منظور کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر اعظم سواتی کو حاضری یقینی بنانے کا حکم دیتے ہوئے سماعت 18 مئی تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 33

ٹیکسلا پولیس نے ملزم اکبر سے 01 کلو 50 گرام چرس، ملزم فیضان سے 510 گرام چرس، ملزم شہزاد سے 450 گرام چرس، ٹیکسلا پولیس نے ملزم یاسر سے 520 گرام چرس، ملزم محمود سے 01 کلو 140 گرام چرس، صدر واہ پولیس نے ملزم علی حیدر سے 520 گرام چرس، چکری پولیس نے ملزم شیر باز سے 01 کلو 300 گرام چرس، کلر سیداں پولیس نے ملزم ظفر اقبال سے 200 گرام چرس برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کا کہنا تھا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 34

نہیں چیسٹ انفیکشن بھی ہے۔

بقیہ 35

شن ایسٹ کے حکام کے مطابق کراچی میں 9 مئی کو جلاؤ، گھیراؤ میں ملوث ملزمان کی شناخت کے لیے نادرا حکام سے بھی مدد لی جائے گی جب کہ پولیس نیعام شہریوں سے بھی جلاؤ گھیراؤ میں ملوث ملزمان کی نشاندہی کے لیے مدد طلب کی ہے۔پولیس حکام کے مطابق جلاؤ گھیراؤ میں ملوث ملزمان کی اطلاع دینے والوں کا نام صیغہ راز میں رکھا جائے گا۔شہر میں جلاؤ گھیراؤ میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کے لیے انٹیلی جنس اور ٹیکنیکل بنیادوں پر چھاپے مارے جا رہے ہیں اور ان کیخلاف گھیرا تنگ کیا جارہا ہے۔9 مئی کو پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کی گرفتاری کے خلاف شہر کی اہم اور مصروف ترین شاہراہ فیصل سمیت دیگر مرکزی راستوں پر سرکاری ونجی املاک کو نشانہ بنایا گیا تھا۔اس دوران ملزمان نے 2 پیپلز ریڈ بسوں، پولیس وین، واٹر باؤزر، رینجرز چوکی، ٹریفک پولیس کے کیبنز اور کئی دوسری گاڑیوں اور موٹرسائیکلوں کو آگ لگا دی تھی۔ملزمان نیپرتشدد مظاہروں کے دوران مبینہ ٹاؤن تھانے کی حدود میں ایک پولیس موبائل کو بھی آگ لگائی تھی۔جلاؤ گھیراؤ کے دوران دیگر پرتشدد کارروائیوں میں ملزمان نیکئی پولیس اہلکاروں کو بھی تشدد کا نشانہ بنایا گیا تھا۔ملزمان کے خلاف ٹیپو سلطان، فیروز آباد اور مبینہ ٹاؤن تھانوں میں دہشت گردی سمیت دیگر سنگین جرائم کی دفعات کے تحت مقدمات درج ہیں۔ پولیس کے مطابق کسی بھی شہری کے پاس ملزمان کے حوالے سے کوئی معلومات ہوں تو وہ مددگار 15 یا متعلقہ تھانوں سے فوری رابطہ کر کے ذمے دار شہری ہونے کا ثبوت دے

بقیہ 36

کے مطابق 600 کروڑ روپے کا نقصان ہوا، نقصانات 600 کروڑ روپے سے کہیں زیادہ ہیں، ابھی مزید تخمینے کا تعین کیا جارہا ہے۔وزیر اعلیٰ آفس میں سینئر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے نگران وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے بتایا کہ تمام حملے، جلاؤ گھیراؤ، لوٹ مار اور توڑ پھوڑ باقاعدہ منصوبہ بندی کے تحت کی گئی۔ پنجاب میں 23 عمارتوں کو جلایا گیا۔سرکاری ونجی املاک اور پولیس کی گاڑیوں کو تباہ کیا گیا۔ پولیس اور دیگر اداروں کی 108 گاڑیاں جلائی گئیں، جناح ہاؤس (کور کمانڈر ہاؤس)، بینک، ایمبولینسز کو بھی نذر آتش کیا گیا۔میانوالی میں اسلحہ برداروں کو جمع کیا گیا۔نگران وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے کہا کہ ٹھوس شواہد ہیں کہ پی اے ایف بیس میانوالی پر جہازوں کو جلانے کی مذموم پلاننگ کی گئی، جس میں وہ ناکام رہے۔ سیاست کی آڑ میں دہشت گردی کی گئی، دہشت گردی کے ان کیسز کو منطقی انجام تک پہنچائیں گے۔کسی بے گناہ کو پکڑا نہیں جائے گا اور دہشت گردی کا کوئی ذمہ دار بچ نہیں سکے گا۔

بقیہ 37

جائیں، شہریوں کی جان ومال کی حفاظت اور جرائم کی بیخ کنی اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام اقدامات کیے جارہے ہیں

بقیہ 38

معاہدے کے مطابق دونوں یونیورسٹیاں تعلیم، تحقیق، تدریس، تربیت، استعداد کار بڑھانے اور دیگر شعبوں میں باہمی تعاون کو فروغ دیں گی۔فیکلٹی، طلباء، محققین، ماہرین اور دیگر تکنیکی عملے کا باہمی تبادلہ ہوگا۔گوادر پرو کے مطابق معاہدے میں مزید کہا گیا کہ دونوں یونیورسٹیوں کے نوجوان محققین اور پوسٹ ڈاکٹریٹ کے طلباء کے لیے فیلوشپس بھی جاری کی جائیں گی۔ گوادر پرو کے مطابق اس کے علاوہ سرگودھا یونیورسٹی نے اعلان کیا کہ دونوں یونیورسٹیاں مشترکہ زرعی تحقیقی ادارہ کے قیام کے لیے اقدامات کریں گی۔

بقیہ 39

جیسی سرگرمیوں پر پابندی ہوگی۔حکومت کی طرف سے دفعہ 144 کا نفاذ کوڈ آف کریمنل پروسیجر آرڈیننس)ترمیم شدہ 2023 (کے تحت کیا گیا ہے۔

بقیہ 40

مطابق احتجاج کے دوران پولیس کی 94 جبکہ 8 نجی گاڑیوں کو نقصان پہنچایا گیا، لاہور میں 27، راولپنڈی 19، فیصل آباد 21، میانوالی 9، ملتان 4، سیالکوٹ 5، گوجرانوالہ 3، اٹک، جھنگ اور ٹوبہ ٹیک سنگھ میں 1، 1 پولیس گاڑی کو نقصان پہنچایا گیا، اس کے علاوہ پولیس کانسٹیبلری کی 3 گاڑیاں بھی متاثر ہوئیں۔آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ پرتشدد واقعات میں ملوث ملزمان کی نشاندہی اور گرفتاری کا سلسلہ جاری ہے، ریاست کی رٹ چیلنج کرنے والے شرپسند عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لائیں گے۔

بقیہ 41

میں مدد ملے گی۔ان کا کہنا تھا کہ اس سلسلے میں وزارت قومی صحت نے دانشمندی کے ساتھ پمز میں 100 ہاؤس آفیسرز اور 100 پوسٹ گریجویٹ کی تقرریوں کے لیے این او سی جاری کرنے کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے یہ قدم اٹھانے پر وفاقی وزیر صحت، سیکرٹری صحت اور پمز کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر عمران سکندر کا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ پی ایم اے پہلے ہی اس اقدام کا مطالبہ کر رہی تھی اور پمز میں ہاؤس آفیسرز اور پوسٹ گریجویٹ کو تعینات کرنے کی فوری ضرورت کو دیکھتے ہوئے مختلف متعلقہ فورمز پر اس مسئلے کو اٹھا چکی ہے۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ ان نئی تقرریوں سے ڈاکٹروں پر موجودہ بوجھ میں کمی آئے گی اور وہ بہتر انداز میں خدمات سرانجام دیں گے۔انہوں نے یقین دلایا کہ پی ایم اے ڈاکٹروں کے تمام حقیقی مسائل پر آواز اٹھاتی رہے گی

بقیہ 42

صورتحال میں مختلف تعلیمی بورڈز کے جاری امتحانات ملتوی اور منسوخ کرنے پڑے، تعلیمی ادارے بند اور تعلیمی سرگرمیاں معطل کر دی گئیں۔آل پاکستان پرائیویٹ سکولز اینڈ کالجز ایسوسی ایشن نے تعلیمی اداروں کی بندش کو تعلیم دشمنی قرار دیا ہے۔ ملک ابرار حسین نے کہا کہ غیر یقینی اور انتشاری کیفیت ملک میں تعلیمی نظام کو تباہی کی جانب لے جا رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ کورونا کے بعد بڑی مشکل سے تعلیمی سلسلہ شروع ہوا تھا، عید کے بعد احتجاج اور جلسے جلوسوں نے سب سے زیادہ نقصان تعلیم کو پہنچایا۔انہوں نے کہا کہ اس صورتحال میں فیڈرل بورڈ اور صوبائی بورڈز کے ساتھ ساتھ کیمبرج کے پرچے بھی ملتوی کرنا پڑے۔انہوں نے کہا کہ ملکی سلامتی اور بچوں کے مستقبل کے لیے معاملات کا سیاسی و پرامن حل نکالا جائے۔

بقیہ 43

۔پولیس کے مطابق عاصم کے کزن نے گیراج کھولا تو کار میں لاشیں دیکھ کر پولیس کو اطلاع دی، پولیس نے جائے وقوعہ سے شواہد جمع کر لیے اور واقعہ کی تفتیش جاری ہے۔ پولیس کے مطابق ابتدائی تحقیقات میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ گاڑی میں گیس لیکج کے باعث دم گھٹنے سے دونوں کی موت واقع ہوئی ہے

بقیہ 44

اڈ بینڈ سروس بحال ہے، انٹرنیٹ سروسز پر پابندی کی کوئی ہدایت نہیں ملی تاہم یوٹیوب، ٹوئٹر اور فیس بک کی سروسز ابھی تک ڈاؤن ہیں۔یاد رہے کہ عمران خان کی گرفتاری کیخلاف پی ٹی آئی کارکنوں کی پرتشدد مظاہروں کے بعد ملک بھر میں سوشل میڈیا سروسز معطل کی گئی تھیں

بقیہ 45

کے مطابق دھرنے کا اسٹیج سپریم کورٹ سے تھوڑا پیچھے لگوائیں گے، الیکشن کمیشن یا وزیراعظم ہاؤس کے سامنے اسٹیج لگ جائے تو اعتراض نہیں، سپریم کورٹ کی انٹری یا بالکل سامنے اسٹیج نہ لگایا جائے یہی حکمت عملی ہے۔دوسری جانب وفاقی دارالحکومت میں تمام صورتحال معمول کے مطابق رواں دواں رہی جبکہ سپریم کورٹ کے باہر ایف سی اور پولیس کی بھاری نفری تعینات رہی

بقیہ 46

عملے کی جانب سے آگ بجھانے کا عمل جاری ہے۔ہال روڈ پلازہ میں آتشزدگی کے واقعے سے بڑے مالی نقصان کا اندیشہ نظر آ رہا ہے۔تاحال ہال روڈ پلازہ میں آگ لگنے کی وجہ سامنے نہیں آئی۔

بقیہ 47

بھی ہوتا ہے اور معمار بھی۔استاد وہ عظیم ہستی ہے جس کا مقام بہت بلند ہے استاد نونہالان وطن کی تعلیم کا فریضہ سرانجام دیتا ہے۔استاد کی وجہ سے ایک باشعور اور تعلیم یافتہ معاشرہ وجود میں آتا ہے

بقیہ 48

عرف زلفی رابری کے 20 سے زائد مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ہے، ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان نے ایس ایچ او ٹیکسلا اور ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ ملزم کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کو بھی یقینی بنایا جائے گا، شہریوں کے جان ومال اور پولیس پر حملہ کرنے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا

بقیہ 49

میڈیا اسٹڈیز کے طلبہ شرکت کریں گے۔ دوروزہ تربیتی ورکشاپ سینئر صحافی اور ٹرینرز شرکاء کو مختصر دستاویزی فلمیں بنانے کے ٹولز سکھائیں گے۔ورکشاپ کے دوران شرکاء کو نہ صرف شارٹ ڈاکیومینٹری بلکہ مختصر ٹرینڈنگ ویڈیوز بنانے کے حوالے سے بھی جدید ٹولز سکھائے جائیں گے۔تربیتی ورکشاپ کو دونوں دن آن لائن بھی دکھایا جائے گا جس سے طلبہ، سوشل میڈیا انفلوئنسرز اور صحافی مستفید ہوسکیں گے۔یاد رہے کہ وزارت اطلاعات کے اس منصوبہ کے تحت پاکستان انفارمیشن سینٹر اب تک ملک بھر میں 10 ہزار سے زائد صحافیوں، طلبہ اور سوشل میڈیا انفلوئنسرز کو تربیت فراہم کر چکا ہے جب کہ اس سال بھی سینٹر مزید 2 ہزار صحافیوں اور طلبہ کو تربیت فراہم کرے گا۔ مزید برآں پاکستان انفارمیشن سینٹر چاروں صوبوں، گلگلت بلتستان، آزاد کشمیر اور اسلام آباد میں صحافیوں کو تربیت فراہم کرتا ہے

بقیہ 50

کے سلسلہ میں شہر کے مختلف مقامات کا دورہ کیا۔اس دوران دیگر متعلقہ افسران بھی ہمراہ تھے۔ افسران نے بریفنگ کے دوران بتایا کہ دیواروں کی خوبصورتی کے پلان پر روزانہ کی بنیاد پر تیز رفتار اقدامات کیے جا رہے ہیں۔دیواروں پر تاریخی تصاویر کے ڈیزائن سے روایتی ثقافت کو اجاگر کیا جا رہا ہے۔ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ وہ شہر کے مختلف مقامات کا از خود تزئین وآرائش کے تمام امور کا جائزہ لے رہے ہیں جبکہ بیوٹیفکیشن کے منصوبہ کی مانیٹرنگ بھی کی رہی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ تزئین و آرائش کے منصوبہ کی تکمیل سے شہر کی خوبصورتی میں نکھار پیدا ہوگا۔

بقیہ 51

فوج زندہ باد ریلی نکالی گئی۔تفصیل کے مطابق صوبہ پنجاب کے قصبہ ٹھٹھہ صادق آباد میں حالیہ دہشتگردی کے واقعات کی مذمت اور پاک فوج سے اظہار یکجہتی کیلئے انجمن شہریان ٹھٹھہ صادق آباد، پاکستان کسان اتحاد، شہدائے پاکستان سوسائٹی سمیت دیگر تنظیموں کی جانب سے پاک فوج زندہ باد ریلی نکالی گئی، شرکاء نے پاک فوج زندہ باد کے نعرے لگائے۔ ریلی پل 135 دس آر سے ٹھٹھہ صادق آباد ویگن اسٹینڈ تک نکالی گئی جس میں ٹھٹھہ صادق آباد کے شہریوں، سیاسی وسماجی، مذہبی اور عوامی حلقوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ریلی کے شرکاء سے جماعت اہلسنت کے رہنما سید فیض عباس شاہ قمر، رانا عبدالرؤف، مسعود احمد نظامی، ساجد چوہدری سمیت دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حالیہ دہشت گردی میں ہم پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور مادر وطن کی حفاظت کے دوران جام شہادت نوش کرنے والے افواج پاکستان کے شہداء کو سلام عقیدت پیش کرتے ہیں۔مقررین نے کہا کہ افواج پاکستان کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، پاک فوج کے خلاف نفرت پھیلانے والے ملک دشمن ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں

بقیہ 52

تعاون سے ایک ارب سولہ کروڑ کی خطیر رقم سے 17 لاکھ سے زائد مستحق افراد کی زندگیاں آسان بنائیں . الخدمت فاؤنڈیشن گوجر خان تاحال 100 سے زائد وہیل چیئرز تقسیم کر چکی ہے جبکہ مستحق یتیم بچوں کی رجسٹریشن کا پراسس سارا سال جاری رہتا ہے . رمضان المبارک میں الخدمت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام حافظ محبوب احمد کی زیر نگرانی الخدمت بچت سٹال کے ذریعے مہنگائی سے پسے لوگوں کو واضح ریلیف دیا گیا .جہاں قاضی انتنان الرشید ،نذیر احمد منہاس، خواجہ کبیر احمد، مرزا طارق، سعد قاضی ،راجہ عدنان، دانش محمود، ٹھیکیدار بنارس اور قیصر محمود سمیت تمام رضا کاران نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا . ایک محتاط ترین اندازے کے مطابق تقریبا پچیس سو افراد کو کم از کم چھے لاکھ سے زائد کا ریلیف دیا گیا . جس سے ہر خاص وعام یکساں مستفید ہوا . الخدمت فاؤنڈیشن اپنے پاس مستحق خاندانوں کا ریکارڈ رکھتی ہے . اس رمضان المبارک میں رجسٹرڈ مستحق خاندانوں میں راشن بھی تقسیم کیا گیا . اور یہ تمام سرگرمیاں لوگوں کی عزت نفس اور خودداری کو ٹھیس پہنچائے بغیر کی جاتی ہیں . الخدمت فاؤنڈیشن یہ عزم کرتی ہے کہ انسانیت کی خدمت کی خاطر اپنے دائرہ کار کو مزید وسعت دی جائے گی.

بقیہ 53

الزامات اگر صحیح تھے تو آج ہمیں یہاں نہیں بیٹھنا چاہیے تھا۔خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ 1992 میں ہزاروں لڑکے ماورائے عدالت قتل ہو رہے تھے، اسی وقت پنجاب میں ایم کیو ایم ابھرنے لگی، معاملہ لسانیت اور قومیت کا نہیں طبقے کا ہے، ایم کیو ایم پنجاب میں سیاسی طور پر کامیاب ہونے کے لیے نہیں آئی، ہم چاہتے ہیں پنجاب میں ایم کیو ایم کا پیغام سن لیا جائے۔انہوں نے کہا کہ اگر ہمارا پیغام سنا گیا تو پنجاب صرف ملک کی نہیں خطے کی تقدیر بدل دے گا، ایم کیو ایم پاکستان نظریاتی تنظیم ہے، ایم کیو ایم پر 10 سے 12 سال غیر اعلانیہ پابندی رہی۔خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ کسان اور مزدور پریشان ہے اس لیے سرمایہ دار خوش ہے، پرانے طریقوں اور نسخوں سے تبدیلی نہیں آسکتی۔

بقیہ 54

ناکام ہو گئی، انصار الاسلام کے رضا کار گیٹ پھلانگ کر ریڈ زون میں داخل ہوئے۔مظاہرین سرینا چوک سے سپریم کورٹ کی طرف روانہ ہو گئے ہیں۔پی ڈی ایم کارکن کے سپریم کورٹ کے باہر پہنچنے پر حنا پرویز بٹ نے بھی ردعمل دیا۔انہوں نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر ٹویٹ کرتے ہوئے کہا کہ مظاہرین تمام رکاوٹیں عبور کر کے سپریم کورٹ پہنچ گئے، اب حساب برابر ہوگا۔لیگی رہنما کو یہ ٹویٹ کرنے پر سوشل میڈیا پر تنقید کا سامنا بھی کرنا پڑ رہا ہے۔دوسری جانب وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں حکمران جماعتوں کے اتحاد پی ڈی ایم کے سپریم کورٹ کے سامنے احتجاج کے اعلان پر ضلعی انتظامیہ اور پولیس نے خدشات کا اظہار کر دیا ہے۔وفاقی دارالحکومت کی انتظامیہ کی جانب سے وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ کو خدشات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا گیا کہ سپریم کورٹ کے باہر عوام کے بڑے مجمع کے جمع ہونے سے سیکیورٹی خدشات ہوں گے کیوں کہ احتجاج کے باعث شرپسند عناصر مجمع کی آڑ میں ریڈ زون میں داخل ہو سکتے ہیں جب کہ ریڈ زون میں اہم سرکاری عمارتیں اور سفارت خانے موجود ہیں۔یہاں قابل ذکر بات یہ ہے کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں پاکستان تحریک انصاف کے احتجاجی مظاہرے کے وقت دفعہ 144 اور دفعہ 245 نافذ کی گئی تھی، جس کے بعد سے ریڈ زون میں پولیس، ایف سی اور رینجرز کے جوان تعینات ہیں، دفعہ 245 کے تحت اہم عمارتوں کے باہر فوج تعینات کی گئی۔

بقیہ 55

کے گھر کا صفایا کر دیا' بسم اللہ چوک میں ریاض احمد سے 42ہزار روپے' فون' رضا آباد میں محمد ندیم کی ورکشاپ کے تالے توڑ کر 10لاکھ کا سامان چور لے اُڑے' امین پارک گلی نمبر4 میں عابد حسین' کریم ٹاؤن میں اویس سے موٹر سائیکل' کلیم شہید کالونی میں احتشام' صدیق' ظفر آباد میں جمال' منیر آباد میں عدنان' علی گارڈن میں خرم لٹ گیا' شیراز پارک میں علی' محمود آباد میں نعمان عمر' سنت سنگھ والا پھاٹک میں خالد' مغل پورہ میں آفاق احمد' گلستان کالونی میں تبسم' ہجویری ٹاؤن میں صابر علی' کینال روڈ واپڈا آفس کے قریب سلیمان مجید' ملت ٹاؤن میں یاسر' ہریاں والا چوک میں ابوبکر' اسٹیشن چوک سے عمران' جی ٹی ایس چوک میں فضل داد' ستیانہ روڈ پر عمران احمد' ڈی گراؤنڈ میں شاہد محمود سے نقدی' فون اور کلائی گھڑی چھین لی' یوسف آباد میں عبدالوہاب' 22ہزار روپے' فون' ڈھڈی والا میں زاہد پرویز سے نقدی' فون' کوہ نور پلازہ میں ریاض حسن کی دکان کے تالے توڑ کر 500 فلیورز کی بوتلیں' 227 رب میں نوازش سے 15ہزار روپے' فون' خانوآنہ بائی پاس کے قریب نعمان سے نقدی' فون' 225 رب میں عرفان' 214 رب میں نعمان' 66 رب میں مغیث سے نقدی' فون' 263 رب میں علی سجاد سے موٹر سائیکل' نقدی' فون' مدنی چوک میں آصف امین' گلشن اقبال کالونی سے رضا فاروق' ناولٹی پل کے قریب ہاشم سے 50ہزار روپے' فون' ویلکم چوک میں عرفان سے موٹر سائیکل' آئرن مارکیٹ میں بلال سے سوا لاکھ روپے' فون' شہروانہ کے قریب عبدالحفیظ سے کار چھین لی' 53 گ ب میں جعفر کو لوٹ لیا' 33 گ ب میں رمضان کی حویلی سے بکریاں' 266 رب میں عبدالمقیت سے 15ہزار روپے' فون' 106 رب میں نعمت اللہ سے 97 ہزار روپے' فون' 229 رب میں امین سے 73 ہزار روپے' فون' 61 رب میں راشد سے 10ہزار روپے' فون' 97 رب میں علی سے موٹر سائیکل' نقدی' فون چھین لیا گیا' 426 گ ب میں رانا وقار' قصبہ تاندلیانوالہ میں فیصل' 430 گ ب میں ظفر اقبال' 514 گ ب میں سعید احمد سے 70ہزار روپے' فون' 480 گ ب میں حمزہ سے 20ہزار روپے' فون' لاری اڈا سے ندیم سے نقدی' فون چھین لیا گیا۔جبکہ سوتر منڈی سے محمد حنیف' سی پی او آفس کے باہر سے عدنان حنیف' ضلع قصور سے فیصل' منشی محلہ سے حسین معاویہ' دربار بابا قائم سائیں سے محمد بلال' فرید کالونی سے محمد اسلم' فرید چوک میں عابد' باوا والا میں علی' محمد پورہ چوک میں ذوالفقار' گوجر گارڈن میں مجیب' رفیق کالونی میں بلال' نگہبان پورہ میں رمضان' مسلم ٹاؤن میں نوید حسین' جھمرہ روڈ پر مہتاب احمد' نشاط آباد میں غلام عباس' 261 ر-ب میں اظہر اقبال' ہریاں والا چوک میں محمد احمد حسن' سلیمی چوک میں شفاقت علی' گیٹ چوک سے ناظم محمود' ریکس سٹی سے تقدس' اسٹیشن چوک میں عمران' سوساں روڈ پر امید بخش' کہکشاں کالونی میں واصف' رسول پارک میں عمر ظفر' حسن پورہ میں رضوان' سوساں روڈ پر اظہر' مرحبا ہوٹل کے باہر سے غلام مرتضیٰ' سوار پورہ میں محمود' زبیر کالونی میں وقاص' احمد علی' جڑانوالہ روڈ پر عبدالرحمٰن' مچھلی فارم کے قریب علی' 214 ر-ب میں تحسین' ناولٹی پل کے قریب عرفان' جھال چوک سے شفیق' شالیمار پارک کے شفاقت علی' 55 گ ب میں شفیق' قصبہ تاندلیانوالہ میں وقاص کی موٹر سائیکلیں' موٹر سائیکل رکشہ چور لے اڑے' پولیس شہر بھر کی ناکہ بندیوں کے باوجود سماج دشمن عناصر کا سراغ نہ لگا سکی۔

بقیہ 56

18 مئی کو انٹرنیشنل میوزیم ڈے منانے کا اعلان کیا تھا جس کے بعد اب تک 18 مئی کو دنیا بھر میں عجائب گھروں کا عالمی دن منایا جاتا ہے۔دنیا بھر کی طرح پاکستان کے شہر لاہور میں بھی دنیا کا قدیم ترین عجائب گھر موجود ہے جس کی تاریخ ڈیڑھ سو سال پرانی ہے اس عجائب گھر میں گندھارا آرٹ اور مصوری کے نادر نمونے موجود ہیں۔پاکستان میں لاہور میوزیم کے علاوہ ہڑپہ، ٹیکسلا، کراچی کے عجائب گھر بھی قابل ذکر ہیں۔

بقیہ 57

کی۔نائب تحصیلدار باغبانہ حبیب لچکی لیویز انچارج باغبانہ محمد ابراہیم، دفعدار غلام علی کی سربراہی میں رات گئے لیویز چیک پوسٹ زاوہ کے اہلکاروں نے کارروائی کرتے ہوئے گندم کی سمگلنگ کی کوشش ناکام بنائی۔کارروائی میں ایک کوچ سے گندم کی سو سے زائد بوریاں برآمد کر لی گئیں۔لیویز سی آئی اے کے اطلاع پر لیویز چیک پوسٹ زاوہ کے اہلکاروں نے گندم کی سمگلنگ کرنے والے الہاشمی کوچ کو رکنے کا اشارہ کیا لیکن کوچ چیک پوسٹ کے بیریئر کو توڑ کر بھاگ گئی۔لیویز کے جوانوں نے کوچ کا پیچھا کرتے ہوئے چند کلومیٹر کے فاصلے پر کوچ کو روک لیا، گندم دوسرے ضلع منتقل کی جا رہی تھیں۔لیویز نے گندم مالک محمد ایوب کوچ ڈرائیور اور کوچ مالک ساکنان کوئٹہ کو گرفتار کر کے گندم اور کوچ کو سرکاری تحویل میں لے لیا ہے۔

بقیہ 58

رعزت ہوتی ہے، پوری دنیا میں کسی جج کا ٹکر نہیں چلتا، ہمارا جج ٹکر چلوانے کیلئے بیٹھا ہے

بقیہ 59

یکر نعش الائیڈ ہسپتال شعبہ اناٹامی میں رکھوا کر متوفی کے ورثاء کی تلاش شروع کر دی۔بتایا جاتا ہے کہ اسمال اسٹیٹ گیٹ نمبر1 کے قریب 45 سالہ نامعلوم شہری کی نعش پڑی تھی، پولیس نے نعش تحویل میں لیکر شناخت نہ ہونے پر ہسپتال میں رکھوا دی، متوفی بظاہر نشئی معلوم ہوتا ہے۔

PDM کا احتجاج، اسلام آباد ریڈ زون میں داخلے کیلئے ٹریفک پلان جاری

اسلام آباد ٹریفک پولیس کے مطابق ریڈ زون میں داخل ہونے کیلئے 5 میں سے 2 راستے کھلے ہیں

ریڈ زون کیلئے میریٹ ہوٹل یا سرینا چوک کا راستہ اختیار کیا جائے، مارگلہ روڈ، نادرا چوک اور ڈی چوک کے راستے بند ہیں

اسلام آباد (اعجاز علی ساغر سے) پی ڈی ایم کے احتجاج کے باعث ریڈ زون میں داخلے کیلئے ٹریفک پلان جاری کر دیا گیا۔ اسلام آباد ٹریفک پولیس کے مطابق ریڈ زون میں داخل ہونے کیلئے 5 میں سے 2 راستے کھلے ہیں، ریڈ زون کیلئے میریٹ ہوٹل یا سرینا چوک کا راستہ اختیار کیا جائے، مارگلہ روڈ، نادرا چوک اور ڈی چوک کے راستے بند ہیں۔ دوسری جانب سپریم کورٹ کے اطراف سکیورٹی ہائی الرٹ کردی گئی، سیاسی جماعتوں کے کارکنوں کی سپریم کورٹ کے باہر آمد کا سلسلہ جاری ہے، ڈی چوک اور اطراف کو کنٹینرز لگا کر سیل کر دیا گیا ہے۔ پولیس کی بھاری نفری بھی سپریم کورٹ کے باہر سکیورٹی پر مامور ہے، سپریم کورٹ کے باہر ایف سی اور رینجرز کے اہلکاروں کی بھاری نفری تعینات ہے۔ خیال رہے کہ پی ڈی ایم نے آج سپریم کورٹ کے سامنے دھرنے کا اعلان کر رکھا ہے۔

راولپنڈی: پی ٹی آئی رہنما فیاض الحسن چوہان گرفتار، پولیس شیخ رشید کو پکڑنے میں ناکام

یاسمین راشد سروسز اسپتال سے پولیس لائن اسپتال منتقل

یاسمین راشد کو گرفتاری کے بعد طبیعت خراب ہونے پر سروسز اسپتال منتقل کیا گیا تھا

لاہور (جنرل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کی رہنما یاسمین راشد کو سروسز اسپتال سے پولیس لائن اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ یاسمین راشد کو گرفتاری کے بعد طبیعت خراب ہونے پر سروسز اسپتال منتقل کیا گیا تھا۔ گزشتہ روز سروسز اسپتال لاہور کے ڈاکٹروں نے پی ٹی آئی کی رہنما کو پولیس کے حوالے کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ ڈاکٹروں کا کہنا تھا کہ یاسمین راشد کو سانس لینے میں دشواری کے باعث بائی پاپ لگا ہوا ہے، ان کے چیسٹ، ناک اور گلے کے سی ٹی اسکینز کرا لیے گئے ہیں، وہ دمہ کی مریضہ ہیں اور ا(بقیہ نمبر 34)

انہوں نے اپنے بندے شامل کر کے حملے کرائے، پی ٹی آئی رہنماء

ہم لوگوں کو توڑ پھوڑ سے منع کر رہے تھے، توڑ پھوڑ کر کے سارا ملبہ پی ٹی آئی پر ڈال دیا گیا

یہ ہماری پارٹی پر پابندی لگوانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ پی ٹی آئی رہنما یاسمین راشد کی گفتگو

لاہور (سٹی رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کی رہنما یاسمین راشد نے الزام عائد کیا ہے کہ انہوں نے اپنے بندے شامل کر کے حملے کرائے۔ آج ڈاکٹر یاسمین راشد کو انسداد دہشت گردی عدالت میں پیش کر دیا گیا ہے۔ تھانہ سرور روڈ پولیس نے ڈاکٹر یاسمین راشد کو پیش کیا۔ ڈاکٹر یاسمین راشد اور دیگر پر جناح ہاؤس کو نذر آتش کرنے کا الزام ہے۔ ڈاکٹر یاسمین راشد کو مقدمہ نمبر 97/23 تھانہ سرور روڈ میں نامزد کیا گیا ہے۔ جب کہ سابق صوبائی وزیر یاسمین راشد نے کہا ہے کہ انہوں نے اپنے بندے شامل کر کے حملے کرائے۔ ہم لوگوں کو توڑ پھوڑ سے منع کر رہے تھے، توڑ پھوڑ کر کے سارا ملبہ پی ٹی آئی پر ڈال دیا گیا۔ انہوں نے کہا یہ ہماری پارٹی پر پابندی لگوانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ خیال رہے کہ نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے کہا ہے کہ 9 مئی کو لاہور سمیت دیگر شہروں میں دہشت گردی کے ہولناک واقعات ہوئے اور پاکستان پر حملہ کیا گیا، دہشت گردی کے ان واقعات میں اب تک کے تخمینے (بقیہ نمبر 36)

اسلام آباد: پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں نیب آرڈیننس ترمیمی بل 2023 منظور کر لیا گیا

پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں نیب آرڈیننس ترمیمی بل 2023 منظور کر لیا گیا

نئی ترامیم کے بعد چیئرمین و ڈپٹی چیئرمین نیب کی غیر حاضری پر حکومت کسی سینئر آفیسر کو ذمہ داریاں سونپے گی، وزیر قانون

وفاقی وزیر قانون نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا ہے کہ چیئرمین و ڈپٹی چیئرمین نیب کی غیر حاضری میں احتساب کا عمل رک جاتا ہے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں نیب آرڈیننس ترمیمی بل 2023 کی منظوری کر لیا گیا۔ نیب آرڈیننس ترمیمی بل پر جماعت اسلامی کی ترامیم مسترد کر دی گئیں، مشترکہ اجلاس نے انسانی اعضا کی پیوندکاری ترمیمی بل 2021 کی بھی منظوری دے دی، یہ بل ایم کیو ایم کی کشور زہرہ نے پیش کیا۔ مشترکہ اجلاس نے بچے کی پیدائش پر ماں اور والد کو چھٹی دینے کا بل بھی منظور کر لیا، سینیٹر قرۃ العین مری نے میٹرنٹی اینڈ پیرنٹی بل پیش کیا، بل منظور ہونے کے بعد بچے کی پیدائش پر والد 30 دن کی پیڈ چھٹی لے سکیں گے۔ میٹرنٹی بل کی منظوری کے بعد ماں کو پہلی پیدائش پر 6 ماہ، دوسری پر 4 جبکہ تیسری پر 3 ماہ کی چھٹی مل سکے گی، والد کو چھٹیاں سروس میں تین دفعہ میسر ہوں گی، قانون کا اطلاق اسلام آباد کی حدود میں نجی و سرکاری ادارں دونوں پر ہوگا۔ اس کے علاوہ نجی و سرکاری سکولوں میں پیرامیڈیکل سٹاف کی سہولت سے متعلق بل منظور کر لیا گیا، مشترکہ اجلاس میں وفاقی وزیر قانون کی درخواست پر والدین کے تحفظ بل کی منظوری موخر کر دی گئی۔ نیب ترامیم کے حوالے سے وفاقی وزیر قانون نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا ہے کہ چیئرمین و ڈپٹی چیئرمین نیب کی غیر حاضری میں احتساب کا عمل رک جاتا ہے، نئی ترامیم کے بعد چیئرمین و ڈپٹی چیئرمین نیب کی غیر حاضری پر حکومت کسی سینئر آفیسر کو ذمہ داریاں سونپے گی۔

فائرنگ کر کے ڈولفن فورس کے اہلکار کو زخمی کرنے والا ڈاکو گرفتار

ملزم مراد عرف زلفی نے ساتھیوں کے ساتھ مل کر ڈولفن فورس پر فائرنگ کی تھی

شہریوں کے جان و مال اور پولیس پر حملہ کرنے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا

راولپنڈی (اسپیشل رپورٹر) ٹیکسلا پولیس کی کاروائی، فائرنگ کر کے ڈولفن فورس کے اہلکار کو زخمی کرنے والا ڈاکو گرفتار، ملزم مراد عرف زلفی نے ساتھیوں کے ساتھ مل کر ڈولفن فورس پر فائرنگ کی تھی، فائرنگ سے ڈولفن اہلکار عامر زخمی ہوا تھا۔ تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے فائرنگ کر کے ڈولفن فورس کے اہلکار کو زخمی کرنے والے ڈاکو مراد عرف زلفی کو گرفتار کر لیا، ملزم نے ساتھیوں کے ساتھ مل کر ڈولفن فورس پر فائرنگ کی تھی، فائرنگ سے ڈولفن اہلکار عامر زخمی ہوا تھا، ملزم سے شناخت پریڈ کے بعد شہریوں سے چھینے گئے 02 موٹر سائیکل برآمد ہوئے، ملزم مراد(بقیہ نمبر 48)

پی آئی سی لاہور کے تحت شارٹ ڈاکومینٹریز تیار کرنے پر دوروزہ ورکشاپ ہوگی

دوروزہ تربیتی ورکشاپ سینئر صحافی اور ٹریزز شرکاء کو مختصر دستاویزی فلمیں بنانے کے ٹولز سکھائیں گے

لاہور (جنرل رپورٹر) وزارت اطلاعات و نشریات کے پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ (پی آئی ڈی) کے پروجیکٹ پاکستان انفارمیشن سنٹر (پی آئی سی) کے تحت شارٹ ڈاکومینٹریز اینڈ نیو ٹرینڈز ان ریلز، کے عنوان پر دوروزہ تربیتی ورکشاپ 15 اور 16 مئی کو لاہور کے نجی ہوٹل میں ہوگی۔ تربیتی ورکشاپ میں لاہور پریس کلب کے ارکان، متعدد ٹی وی چینلز اور اخبارات سے وابستہ صحافی اور (بقیہ نمبر 49)

کوئٹہ: بلوچستان اسمبلی میں 9 مئی کے پرتشدد مظاہروں کیخلاف مذمتی قرارداد منظور

PTI جو نے کیا پاکستان دشمنوں کا اس سے بڑا ایجنڈا نہیں ہو سکتا، سردار تنویر الیاس

چیئرمین پی ٹی آئی سابق آرمی چیف کو مسٹر ایکس کہا کرتے تھے، پھر خود ہی ایکسٹینشن بھی دے دی، سابق وزیر اعظم آزاد کشمیر

عمران خان ماضی میں جنرل باجوہ کی کتنی تعریفیں کرتا تھا، عمران خان کو فوج نے جتنا سپورٹ کیا تھا اتنا کسی اور پارٹی کو نہیں کیا

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) سابق وزیر اعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس نے بھی پی ٹی آئی کے پرتشدد احتجاج کو ملک دشمنوں کا ایجنڈا قرار دے دیا۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ملکی تاریخ میں کسی رہنما نیا داروں کیخلاف ایسی زبان استعمال نہیں کی جو عمران خان کر رہا ہے۔ جو پی ٹی آئی نے کیا پاکستان دشمنوں کا اس سے بڑا ایجنڈا نہیں ہو سکتا۔ سردار تنویر الیاس کا کہنا تھا کہ چیئرمین پی ٹی آئی سابق آرمی چیف کو مسٹر ایکس کہا کرتے تھے، پھر خود ہی ایکسٹینشن بھی دے دی۔ عوام کو اداروں کیخلاف اکسانے والے عمران خان یہ تو بتائیں کہ انہوں نے اپنے دور حکومت میں کون سے اچھے کام کیے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان ماضی میں جنرل باجوہ کی کتنی تعریفیں کرتا تھا، عمران خان کو فوج نے جتنا سپورٹ کیا تھا اتنا کسی اور پارٹی پہ نہیں کیا، ہم نے نالائقی اور بد انتظامی کی انتہا کر دی تھی، الیکشن تو کرالیں گے لیکن اس آدمی کا کیا ہوگا۔ سابق وزیر اعظم آزاد کشمیر کا کہنا تھا کہ عدالتوں کا ایک اپنا پروٹوکول او(بقیہ نمبر 58)

سی پی او سید خالد ہمدانی کی خصوصی ہدایات

راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف موثر کاروائیاں

13 ملزمان گرفتار، 10 کلوگرام چرس برآمد، مقدمات درج، راولپنڈی پولیس

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف موثر کاروائیاں، 13 ملزمان گرفتار، 10 کلو گرام چرس برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق گنجمنڈی پولیس نے ملزم نثار سے 01 کلو 300 گرام چرس، ویسٹریج پولیس نے ملزم شیر زمان سے 01 کلو 170 گرام چرس، نصیر آباد پولیس نے ملزم عمر سلیمان سے 520 گرام چرس، ملزم لیاقت سے 670 گرام چرس، ریس کورس پولیس نے ملزم حمزہ سے 650 گرام چرس، (بقیہ نمبر 33)

کراچی؛ عمران خان کی گرفتاری پر جلاؤ گھیراؤ میں ملوث ملزمان کی تصاویر جاری

کراچی (خصوصی رپورٹر) کراچی پولیس نے چیئرمین پی ٹی آئی کی گرفتاری کے بعد شہر میں جلاؤ گھیراؤ اور پرتشدد کارروائیوں میں ملوث ملزمان کی تصاویریں جاری کر دیں۔ سی سی ٹی وی فوٹیجز اور دیگر حاصل ہونے والی ویڈیوز کی مدد سے نشاندہی کے بعد پولیس نے ہنگامہ آرائی میں ملوث افراد کی تلاش شروع کردی ہے۔ پولیس انویسٹی گی(بقیہ نمبر 35)

اسسٹنٹ کمشنر پسرور کی چونڈہ میں کارروائی، 50 کلوگرام گندم کے 24 ہزار بیگز برآمد

سیالکوٹ (سٹی رپورٹر) ڈپٹی کمشنر عدنان محمود اعوان کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر پسرور قمر محمود منج نے چونڈہ میں مختلف رائس ملز پر اچانک چھاپے مار کر 50 کلوگرام گندم کے 24 ہزار بیگز برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر پسرور قمر محمود منج، نائب تحصیلدار مسعود بسرا اور پٹواری چونڈہ نصیر احمد نے پولیس پارٹی کے ہمراہ ڈوگر رائس ملز ڈوگرہ ہریاں سے 20 ہزار اور علی یوسف رائس ملز ڈوگرانوالی سے 4 ہزار گندم کے بیگز برآمد کر لیا اور مقدمہ درج کروا دیا۔

پنجاب سیف سٹیز پروگرام کے تحت شہر میں تزئین و آرائش کے منصوبہ پر عملدرآمد اور پیش رفت کے حوالے سے تیز ترین اقدامات کئے جارہے ہیں

جھنگ (اسپیشل رپورٹر) پنجاب سیف سٹیز پروگرام کے تحت شہر میں تزئین و آرائش کے منصوبہ پر عملدرآمد اور پیش رفت کے حوالے سے تیز ترین اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ اس حوالہ سے ڈپٹی کمشنر نے دیواروں کی تزئین و آرائش کا جائزہ لینے (بقیہ نمبر 50)

پاک فوج سے اظہار یکجہتی کیلئے انجمن شہریان اور سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام ٹھٹھہ صادق آباد میں پاک فوج زندہ باد ریلی نکالی گئی

ٹھٹھہ صادق آباد (نیوز رپورٹر) پاک فوج سے اظہار یکجہتی کیلئے انجمن شہریان اور سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام ٹھٹھہ صادق آباد میں پاک(بقیہ نمبر 51)

لیویز فورس خضدار نے گندم کی سمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی

کوئٹہ (نیوز رپورٹر) لیویز فورس خضدار نے بڑی تعداد میں گندم کو سمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر خضدار کیپٹن (ر) جمیل بلوچ نے گندم اسمگلنگ کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا حکم جاری کیا جس پر اسسٹنٹ کمشنر خضدار علی درانی نے سب ڈویژن خضدار کے تمام چیک پوسٹوں کو الرٹ رہنے کی ہدایت جاری(بقیہ نمبر 57)

کوہاٹ: کوئلہ کان کے تنازعہ پر دو قبیلوں میں جھگڑا، 15 افراد جاں بحق

متنازع ٹویٹ کیس، اعظم سواتی کی عبوری ضمانت میں 3 روز کی توسیع

عدالت سے استدعا ہے کہ ایک سے 2 ماہ کیلئے عبوری ضمانت میں توسیع کی جائے

حاضری سے استثنی کی درخواست منظور، آئندہ سماعت پر اعظم سواتی کو حاضری یقینی بنانے کا حکم

اسلام آباد (اعجاز علی ساغر سے) اسلام آباد کے سپیشل جج سینٹرل نے متنازع ٹویٹ کیس میں پی ٹی آئی رہنما اور سینیٹر اعظم سواتی کی عبوری ضمانت میں 3 دن کی توسیع کر دی۔ اسلام آباد کی مقامی عدالت میں سپیشل جج سینٹرل اعظم خان نے پی ٹی آئی رہنما اعظم سواتی کے متنازعہ ٹوئٹس کیس میں عبوری ضمانت میں توسیع کیلئے درخواست پر سماعت ہوئی۔ وکیل درخواست گزار نے کہا کہ موجودہ ملکی حالات میں اعظم سواتی کو گرفتار کیا جا سکتا ہے، عدالت سے استدعا ہے کہ ایک سے 2 ماہ کیلئے عبوری(بقیہ نمبر 32)

محمد عامر خان نیازی کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں میٹنگ

میٹنگ میں ڈویژنل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے شرکت کی

جرائم کی روک تھام اور اہم مقامات کی فول پروف سکیورٹی کو یقینی بنانے کی ہدایات دیں

راولپنڈی (خبر نگار) ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں میٹنگ، میٹنگ میں ڈویژنل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے شرکت کی، ایس ایس پی آپریشنز نے جرائم کی روک تھام اور اہم مقامات کی فول پروف سکیورٹی کو یقینی بنانے کی ہدایات دیں۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں میٹنگ کا انعقاد کیا، میٹنگ میں ڈویژنل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے شرکت کی، ایس ایس پی آپریشنز نے جرائم کی روک تھام اور اہم مقامات کی فول پروف سکیورٹی کو یقینی بنانے کے متعلق ہدایات دیں، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کا کہنا تھا کہ جرائم کی بیخ کنی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں، اشتہاری مجرمان کی گرفتاری کے لیے جاری کریک ڈاؤن میں تیزی لائی جائے، منظم و متحرک گینگز کے خلاف بھرپور کاروائیاں کی (بقیہ نمبر 37)

ملک میں انتشار کی کیفیت تعلیمی نظام کو تباہی کی جانب لے جا رہی ہے، ملک ابرار حسین

اسلام آباد (اعجاز علی ساغر سے) آل پاکستان پرائیویٹ سکولز اینڈ کالجز ایسوسی ایشن کے سربراہ ملک ابرار حسین نے کہا ہے کہ ملک میں انتشار کی کیفیت تعلیمی نظام کو تباہی کی جانب لے جا رہی ہے۔ پیر کو اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ موجودہ ملکی صورتحال میں تعلیمی اداروں کی بندش سے طلباء کی تعلیم کو سخت نقصان ہوا، تحریک انصاف کے ملک گیر پرتشدد احتجاج کے باعث پیدا ہونے والی سکیورٹی کی (بقیہ نمبر 42)

پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کا وفاقی حکومت کی جانب سے پمز میں ڈاکٹروں کی تقرری کے فیصلے کا خیر مقدم

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (پی ایم اے) اسلام آباد چیپٹر نے پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (پمز) میں ڈاکٹروں کی نئی تقرریوں کی اجازت دینے کے وفاقی حکومت کے فیصلے کو سراہا ہے۔ ایک بیان میں پی ایم اے کے صدر ڈاکٹر اختر علی بندیشہ اور جنرل سیکرٹری ڈاکٹر مبشر مشتاق ڈاہا نے کہا کہ اس فیصلے سے ہسپتال میں طبی خدمات کو مزید بہتر بنانے (بقیہ نمبر 41)

ہال روڈ پلازہ میں آگ لگ گئی، موبائل فون کی متعدد دکانیں جل گئیں

ہال روڈ پلازہ میں آتشزدگی کے واقعے سے بڑے مالی نقصان کا اندیشہ نظر آرہا ہے

لاہور (جنرل رپورٹر) لاہور میں ہال روڈ پلازہ میں آگ لگ گئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ہال روڈ پلازہ میں اچانک آگ بھڑک اٹھی۔ آگ لگنے سے موبائل فون کی متعدد دکانیں جل گئیں۔ فائر بریگیڈ کا عملہ بھی پہنچ گیا ہے۔ فائر بریگیڈ عملے کی جانب سے آگ بجھانے کا عمل جاری ہے۔ ہال روڈ پلازہ میں آتشزدگی کے واقعے سے بڑے مالی نقصان کا اندیشہ نظر آرہا ہے۔ تاحال ہال روڈ پلازہ میں آگ لگنے کی وجہ سامنے نہیں آئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ہال روڈ پلازہ میں اچانک آگ بھڑک اٹھی۔ آگ لگنے سے موبائل فون کی متعدد دکانیں جل گئیں۔ فائر بریگیڈ کا عملہ بھی پہنچ گیا ہے۔ فائر بریگیڈ(بقیہ نمبر 46)

ایفا سکول سسٹم، طیبہ کیمپس میں بچوں کا سالانہ رزلٹ جاری

حاجراں سجاد نے اپنی کلاس میں سیکنڈ پوزیشن حاصل کی شلیڈ سے نوازا گیا

لاہور (اسپیشل رپورٹر) ایفا سکول سسٹم، طیبہ کیمپس میں بچوں کا سالانہ رزلٹ جاری کر دیا گیا۔ حاجراں سجاد نے اپنی کلاس میں سیکنڈ پوزیشن حاصل کی شلیڈ سے نوازا گیا۔ اس موقع پر والدین نے بھی بھرپور شرکت کر کے بچوں کی خوب حوصلہ افزائی کی گئی۔ سجاد علی شاکر کا میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہنا تھا کہ بچوں کی بہترین کارکردگی کا کریڈٹ محنتی اساتذہ، بچوں کی والدہ اور ایفا سکول کی بہترین انتظامیہ کو جاتا ہے۔ کیونکہ استاد قوم کا محسن بھی ہوتا ہے اور معمار بھی۔ استاد وہ عظیم ہستی ہے جس کا مقام بہت بلند ہے استاد نونہالان وطن کی تعلیم کا فریضہ سرانجام دیتا ہے۔ استاد کی وجہ سے ایک باشعور اور تعلیم یافتہ معاشرہ وجود میں آتا ہے۔ اس موقع پر والدین نے بھی بھرپور شرکت کر کے بچوں کی خوب حوصلہ افزائی کی گئی۔ سجاد علی شاکر کا میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہنا تھا کہ بچوں کی بہترین کارکردگی کا کریڈٹ محنتی اساتذہ، بچوں کی والدہ اور ایفا سکول کی بہترین انتظامیہ کو جاتا ہے۔ کیونکہ استاد قوم کا محسن (بقیہ نمبر 47)

چیریٹی کرنے کے حوالے سے پاکستان دنیا بھر میں پہلے نمبر پر ہے

حالیہ رمضان میں ڈونرز کی خطیر رقم سے مستحقین کی زندگیاں آسان بنائی

تمام سرگرمیاں لوگوں کی عزت نفس اور خودداری کو ٹھیس پہنچائے بغیر کیں

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق الخدمت فاؤنڈیشن گوجرخان کے صدر راجہ عمیر نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ خدمت انسانیت اطمینان قلب کا باعث ہے ۔ ملک پاکستان میں جہاں مقتدر طبقہ رعایا سے بے خبر اپنی عیاشیوں میں مصروف رہتا ہے وہاں عوام کو مسائل کی دلدل سے نکالنے کے لیے کوئی منصوبہ بندی دکھائی دیتی ہے اور نہ ہی عملی اقدامات نظر آتے ہیں انہوں نے کہا کہ چیریٹی کرنے کے حوالے سے پاکستان دنیا بھر میں پہلے نمبر پر ہے الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان نے حالیہ رمضان المبارک میں ملک بھر میں اپنے ڈونرز کے (بقیہ نمبر 52)

فیصل آباد شہر اور گردونواح میں ڈکیتی، راہزنی اور چوری کی وارداتیں کا سلسلہ جاری

90 سے زائد مقامات پر لوٹ مار کرتے ہوئے لاکھوں کا مال و زر لوٹ کر فرار ہو گئے

فیصل آباد (جنرل رپورٹر) فیصل آباد شہر اور گردونواح میں ڈکیتی، راہزنی اور چوری کی وارداتیں کا سلسلہ جاری، تھانہ گلبرگ کے علاقے میں ڈیڑھ کروڑ روپے مالیت کی چوری، ڈاکوؤں اور چوروں کے گروہ 90 سے زائد مقامات پر لوٹ مار کرتے ہوئے لاکھوں کا مال و زر لوٹ کر فرار ہو گئے، درجنوں شہریوں کو موٹر سائیکلوں سے محروم کر دیا گیا، پولیس ناکہ بندیوں کے باوجود ڈاکوؤں اور چوروں کے گروہوں کو پکڑ نہ سکی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ گلبرگ کے علاقے میں واقع بی سی ٹاور میں نامعلوم چوروں کے گروہ نے راشد نامی بزنس مین کے آفس کے تالے توڑ کر ڈیڑھ کروڑ روپے مالیت کی نقدی لوٹ لی اور فرار ہو گئے۔ بزنس مین راشد نے آج اپنا آفس کھولا تو اسے واردات کے متعلق علم ہوا۔ پولیس مصروف تفتیش ہے۔ الائیڈ ہسپتال کے باہر علی حیدر سے 35 ہزار روپے، فون، لنڈا بازار چوک میں محفوظ محمود سے موٹر سائیکل، نقدی، فون، بھوآنہ بازار میں صادق علی سے ایک لاکھ 80 ہزار روپے، مراد آباد سے سلمٰی بی بی (بقیہ نمبر 55)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں عجائب گھروں کا عالمی دن ”انٹرنیشنل میوزیم ڈے“ 18 مئی کو منایا جائے گا

ٹھٹھہ صادق آباد (جنرل رپورٹر) پاکستان سمیت دنیا بھر میں عجائب گھروں کا عالمی دن ”انٹرنیشنل میوزیم ڈے“ 18 مئی کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد دنیا بھر کی عوام کو اپنی تہذیب و ثقافت اور ماضی کی تاریخ کو محفوظ بنانے کے متعلق شعور پیدا کرنا ہے۔ دنیا بھر کے عجائب گھروں کی تنظیم انٹرنیشنل کونسل آف میوزیم نے 1978ء سے (بقیہ نمبر 56)

فیصل آباد، سمال اسٹیٹ کے قریب 45 سالہ نامعلوم شخص کی نعش برآمد

پولیس نے نعش تحویل میں لیکر شناخت نہ ہونے پر ہسپتال میں رکھوادی، متوفی بظاہر نشئی معلوم ہوتا ہے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) تھانہ نشاط آباد کے علاقہ ڈائیوو روڈ پر واقع سمال اسٹیٹ کے قریب نعش برآمد، پولیس نے نشئی قرار دیکر نعش الائیڈ ہسپتال شعبہ اناٹامی میں رکھوا کر متوفی کے ورثاء کی تلاش شروع کر دی۔ بتایا جاتا ہے کہ اسمال اسٹیٹ گیٹ نمبر 1 کے قریب 45 سالہ نامعلوم شہری کی نعش پڑی تھی، پولیس نے نعش تحویل میں لیکر شناخت نہ ہونے پر ہسپتال میں رکھوا دی، متوفی بظاہر نشئی معلوم ہوتا ہے۔ تھانہ نشاط آباد کے علاقہ ڈائیوو روڈ پر واقع سمال اسٹیٹ کے قریب نعش برآمد، پولیس نے نشئی قرار د(بقیہ نمبر 59)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

9 مئی تاریخ کا سیاہ دن، سیاسی شرپسندوں کے ضمیروں کو جھنجوڑتا رہے گا

پاکستان ایئر فورس بیس میانوالی کے عقب میں نصب تاریخی جہاز کو بھی جلا کر وطن دشمنی کا طوق ہمیشہ کیلئے پہن لیا

راولپنڈی، لاہور، ایبٹ آباد، میانوالی، سرگودھا، پشاور اور مردان، میں فوجی تنصیبات اور قدیمی یادگاروں کو بھی نقصان پہنچایا گیا

لاہور (خبر نگار) 9 مئی تاریخ کا سیاہ دن ہے جو سیاسی شرپسندوں کے ضمیروں کو جھنجوڑتا رہے گا۔ شرپسندوں نے 9 مئی کے فسادات میں شہدا کی یادگاروں کو بھی نہ چھوڑا، 9 مئی کا تاریک دن سیاسی شرپسندوں کے ضمیروں کو جھنجوڑتا رہے گا، شہدا کے خون سے مزین یہ مٹی ان شرپسندوں کو کبھی معاف نہیں کرے گی۔ شرپسندوں نے جہاں ایک طرف افواج پاکستان سے دشمنی کا بدلہ لیا وہیں جی ایچ کیو اور پنجاب رجمینٹل سینٹر مردان پر حملہ آور ہو کر خود کو بے نقاب کیا جبکہ پاکستان ایئر فورس بیس میانوالی کے عقب میں نصب تاریخی جہاز کو بھی جلا کر وطن دشمنی کا طوق ہمیشہ کیلئے پہن لیا۔ ان شرپسندوں نے پاک سرزمین کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ دینے والوں کو بھی بے حرمتی کا نشانہ بنایا اور یہ بھول گئے کہ شہید کی جو موت ہے وہ قوم کی حیات ہے، سرگودھا میں شہدا کی یادگاروں (بقیہ نمبر 31)

NADRA
NADRA
REGIONAL HEAD OFFICE ISLAMA

اسلام آباد: چیئرمین نادرا سے کینیا کے وفد کی ملاقات، ہیڈ کوارٹرز کا دورہ

لاہور میں 7 روز کے لیے دفعہ 144 نافذ

دفعہ 144 کے دوران اجتماع، دھرنا، ریلی، جلوس، احتجاج جیسی سرگرمیوں پر پابندی ہوگی

لاہور (کرائم رپورٹر) ضلع لاہور میں دفعہ 144 نافذ کر دی گئی، دفعہ 144 کا نفاذ آج سے اگلے سات دن تک کیا گیا ہے۔ دفعہ 144 کے دوران اجتماع، دھرنا، ریلی، جلوس، احتجاج جیسی سرگرمیوں پر پابندی ہوگی۔ حکومت کی طرف سے دفعہ 144 کا نفاذ کوڈ آف کریمینل پروسیجر آرڈیننس) ترمیم شدہ 2023 (کے تحت کیا گیا ہے۔ ضلع لاہور میں دفعہ 144 نافذ کر دی گئی، دفعہ 144 کا نفاذ آج سے اگلے سات دن تک کیا گیا ہے۔ دفعہ 144 کے دوران اجتماع، دھرنا، ریلی، جلوس، احتجاج (بقیہ نمبر 39)

پاک چین یونیورسٹیوں کے درمیان تعلیمی تجربات کے تبادلے کے معاہدے پر دستخط

سرگودھا (خبر نگار) پاکستان کی یونیورسٹی آف سرگودھا اور چین کی ساؤتھ چائنا ایگریکلچر یونیورسٹی نے تعلیمی شعبے میں تجربات کے تبادلے کے لیے ایک معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق معاہدے پر سرگودھا یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر قیصر عباس اور ساؤتھ چائنا ایگریکلچر یونیورسٹی کے صدر لی یانگ نے دستخط کیے۔ (بقیہ نمبر 38)

پنجاب سے گرفتار ہونے والے شرپسندوں کی تعداد 3368 تک پہنچ گئی

امن وامان کی صورتحال برقرار رکھنے کی کوشش کے دوران پنجاب بھر میں 162 سے زائد پولیس افسران واہلکار زخمی ہوئے، ترجمان

لاہور میں 63، فیصل آباد 26، گوجرانوالہ 13، راولپنڈی 29، اٹک 10، سیالکوٹ 5 اور میانوالی میں 6 پولیس افسران واہلکار زخمی ہوئے

لاہور (خصوصی رپورٹر) پنجاب میں احتجاج کے دوران سرکاری و نجی اداروں پر حملوں، توڑ پھوڑ اور جلا گھیرا میں ملوث گرفتار شرپسندوں کی تعداد 3368 تک پہنچ گئی، مظاہرین نے پولیس سٹیشنز اور دفاتر سمیت 22 سرکاری عمارتوں کو شدید نقصان پہنچایا۔ ترجمان پنجاب پولیس کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ امن و امان کی صورتحال برقرار رکھنے کی کوشش کے دوران پنجاب بھر میں 162 سے زائد پولیس افسران واہلکار زخمی ہوئے، لاہور میں 63، فیصل آباد 26، گوجرانوالہ 13، راولپنڈی 29، اٹک 10، سیالکوٹ 5 اور میانوالی میں 6 پولیس افسران واہلکار زخمی ہوئے۔ پنجاب پولیس کے(بقیہ نمبر 40)

لاہور: پنجاب سے گرفتار ہونے والے شرپسندوں کی تعداد 3368 تک پہنچ گئی

گوجرانوالہ، کار میں دم گھٹنے سے نوجوان لڑکا لڑکی جاں بحق

گاڑی میں گیس لیکیج کے باعث دم گھٹنے سے دونوں کی موت واقع ہوئی، رپورٹ

گوجرانوالہ (جنرل رپورٹر) گوجرانوالہ میں کار سے نوجوان لڑکے لڑکی کی لاش برآمد ہوئی جسے پولیس نے تحویل میں لے کر اسپتال منتقل کر دیا۔ پولیس کے مطابق افسوسناک واقعہ تھانہ سبزی منڈی کے علاقے علامہ اقبال روڈ پر پیش آیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ متوفی نوجوان عاصم اور لڑکی آپس میں دوست ہیں، کار ایک بند گیراج میں کھڑی تھی جہاں دم گھٹنے سے کار کے اندر ہی دونوں جاں بحق ہو گئے(بقیہ نمبر 43)

سوشل میڈیا سائٹس کھولنے کا ابھی کوئی فیصلہ نہیں ہوا، پی ٹی اے

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) حکام کا کہنا ہے کہ سوشل میڈیا سائٹس کھولنے کا ابھی کوئی فیصلہ نہیں ہوا۔ اعلامیے کے مطابق ملک بھر میں موبائل بر(بقیہ نمبر 44)

پی ڈی ایم دھرنا، کارکنان سپریم کورٹ کے سامنے آمد، پولیس کی بھاری نفری تعینات

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے دھرنے کی کال پر کارکنوں کی ریڈ زون میں آمد کے باعث پولیس کی بھاری نفری تعینات کر دی گئی۔ ذرائع کے مطابق حکومت اور جے یو آئی (ف) میں مذاکرات ناکام ہوئے جس کے بعد مولانا فضل الرحمان کو حکومت کو واضح کیا کہ احتجاج سپریم کورٹ کیسامنے ہی ہوگا۔ پولیس ذرائع (بقیہ نمبر 45)

لاہور: تحریک انصاف کارواں ہفتے سے دوبارہ جلسے کرنے کا فیصلہ

جہاں جاگیردارانہ نظام ہو وہاں جمہوریت نہیں ہو سکتی، خالد مقبول صدیقی

ایم کیو ایم پاکستان نے ہر قسم کی مشکلات کا سامنا کیا ہے، پاکستان کے عوام کی تقدیر بدلنے کے لیے حکمرانوں کا انتظار نہ کیا جائے

پاکستان کے سیاسی جمعہ بازار میں سینیٹر کی قیمت 40 سے 72 کروڑ روپے ہے، ہمیں 2 سینیٹرز کو سینٹ میں بھیجنے کا موقع ملا، خالد مقبول

اسلام آباد (خصوصی خبر نگار) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان) ایم کیو ایم پاکستان (کے کنوینئر خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ یہ نہیں ہو سکتا جہاں جاگیردارانہ نظام ہو وہاں جمہوریت بھی ہو۔ ایم کیو ایم رہنماں کے ساتھ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم پاکستان نے ہر قسم کی مشکلات کا سامنا کیا ہے، پاکستان کے عوام کی تقدیر بدلنے کے لیے حکمرانوں کا انتظار نہ کیا جائے، یہ پیغام ہر پاکستانی تک پہنچانا ہے۔ خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ پاکستان کے سیاسی جمعہ بازار میں سینیٹر کی قیمت 40 سے 72 کروڑ روپے ہے، ہمیں 2 سینیٹرز کو سینٹ میں بھیجنے کا موقع ملا، ہم نے سکول کے اساتذہ کو سینیٹ میں بھیجا، ہمارا دوسرا سینیٹر بھی لوئر مڈل کلاس سے تعلق رکھتا ہے۔ ایم کیو ایم پاکستان کے کنوینئر کا کہنا تھا کہ میں 4 دفعہ ایم این اے بنا ہوں اور میرا ایک روپیہ بھی خرچ نہیں ہوا، ہمارے جو لوگ اپنے اخراجات برداشت کرتے ہیں ان کے پیسے بھی ہم ایم کیو ایم کے چندے میں ڈالتے ہیں، ایم کیو ایم پر لگنے والے(بقیہ نمبر 53)

پی ڈی ایم کارکنان کے سپریم کورٹ کے باہر پہنچنے پر حنا پرویز کا ردِ عمل

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) پی ڈی ایم سپریم کورٹ کے باہر احتجاج کر رہی ہے، اس سلسلے میں پی ڈی ایم کے کارکن ریڈ زون میں داخل ہو گئے ہیں، انصار الاسلام اور پی ڈی ایم کارکنوں کو ریڈ زون میں داخل ہونے سے روکنے کی کوشش(بقیہ نمبر 54)

اے سی گوجرخان کا جی ٹی روڈ کے اوپر سجے ریڑھی بازار کیخلاف کریک ڈان

اے سی گوجرخان کا جی ٹی روڈ کے اوپر سجے ریڑھی بازار کیخلاف کریک ڈان

متعدد بار نوٹس دینے کے باوجود ریڑھی بان دیدہ دلیری سے روڈ پر تجاوز

شعبہ تجاوزات کا ریڑھی بانوں کے خلاف گرینڈ آپریشن جی ٹی روڈ پر لگی ریڑھیاں ضبط

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق عوامی شکایات کی بنا پر اور جی ٹی روڈ پر مسلسل ٹریفک کی روانی میں خلل ڈالنے والے ریڑھی بانوں کے خلاف کریک ڈان عرصہ دراز سے جی روڈ کے اوپر تجاوز ریڑھی بانوں کو اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان میاں مراد حسین نیکوکارہ کی جانب سے روڈ کلئیر کرنے اور متبادل جگہ شفٹ ہونے کے لیے متعدد بار نوٹس دیئے گے مگر جی ٹی روڈ پر تجاوز مافیا نوٹسز ملنے کے باوجود بھی ٹس سے مس نہ ہوا اور دیدہ دلیری دھڑلے سے روڈ کے اوپر ریڑھیاں لگا کر براجمان رہا آج اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان کے احکامات پر شعبہ تجاوزات کی ٹیم نے ایک گرینڈ آپریشن کا آغاز کیا(بقیہ نمبر 62)

عمران خان اس فتنہ کا نام ہے جو ملک میں فساد برپا کروانا چاہتا ہے، چوہدری حامد حمید

سرگودھا (نیوز رپورٹر) وزیر اعظم کے معاون خصوصی و پارلیمانی سیکرٹری چوہدری حامد حمید نے کہا کہ عمران خان اس فتنہ کا نام ہے جو ملک میں فساد برپا کروانا چاہتا ہے اور اداروں کو دباؤ میں لانے کے لئے ان کی کوشش ملک میں خانہ(بقیہ نمبر 60)

نوجوان نواز شریف کی جدوجہد کے فرنٹ لائن کے سپاہی ہیں میاں طاہر جمیل

فیصل آباد (جنرل رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سابق ایم پی اے میاں طاہر جمیل نے کہا ہے کہ نوجوان نواز شریف کی جدوجہد کے فرنٹ لائن کے سپاہی ہیں۔ مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ امن کا راستہ اپنایا ہے اور آئندہ بھی یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ عمران نیازی جب سے سیاست (بقیہ نمبر 61)

راولپنڈی پولیس کی شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں جاری

05 ملزمان گرفتار، 33 لیٹر شراب برآمد، مقدمات درج، راولپنڈی پولیس

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں جاری، 05 ملزمان گرفتار، 33 لیٹر شراب برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس نے ملزم حسن سے 08 لیٹر شراب، ملزم عبدالخالق سے 09 لیٹر شراب، گنجمنڈی پولیس نے ملزم حماد زاہد سے 05 لیٹر شراب، رتہ امرال پولیس نے ملزم عامر شہزاد سے 05 لیٹر شراب، (بقیہ نمبر 63)